https://www.facebook.com/dailyvoiceofnation

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified مسلسل 23 سال سے قوم کی نمائندگی APNA Member

کراچی، لاہور، راولپنڈی / اسلام آباد، پشاور، کوئٹہ، ملتان کی منفرد خبریں شائع کرنیوالا قومی اخبار

Daily QAUM KI AWAZ karachi

روزنامہ قوم کی آواز کراچی

چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹیو ایڈیٹر: نصرت حارث
ایڈیٹر: ملک نواز بھٹی
مینجنگ ایڈیٹر: عدنان ملک

جلد:24 | ہفتہ 05 جمادی الاوّل 1448ھ 17 اکتوبر 2026ء | شمارہ:215

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا!
''والدین تمہاری جنت بھی ہیں (اگر ان کے ساتھ حسن سلوک کرو) اور تمہاری دوزخ بھی (اگر ان کی نافرمانی کرو)۔''

تکبر کرنے والے
اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے
اور امر حا اور آنکھ والا برابر نہیں۔ اور نہ ایمان لانے والے نیکوکار اور نہ بدکار برابر ہیں (حقیقت یہ ہے کہ) تم بہت کم غور کرتے ہو O قیامت تو آنے والی ہے اس میں کچھ شک نہیں لیکن اکثر لوگ ایمان نہیں رکھتے O اور تمہارے پروردگار نے کہا ہے کہ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کروں گا۔ جو لوگ میری عبادت سے از راہ تکبر کتراتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہو کر داخل ہوں گے O۔ (سورۃ مومن 40۔۔۔ ترجمہ آیت (58,60)

حضرت علیؓ
''جب تم دنیا کی مفلسی سے تنگ آ جاؤ
اور رزق کا کوئی رستہ نہ نکلے
تو صدقہ دے کر اللہ سے تجارت کرو''۔

گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں



لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، یہ وہی سیاستدان ہیں جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے

اپنی سیاسی جماعت کے ہوائی ٹکٹ بھی اسٹیبلشمنٹ سے بنواتے تھے، ایسے سیاستدانوں کو آج دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا، سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بغیر نام لیے کہا ہے کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں۔ لاہور میں صحافیوں سے غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گورنر راج میں حصہ اور گورنر شپ نہ ملنے پر ایک سیاسی جماعت کے سربراہ شدید ناراض ہیں، یہ وہی سیاستدان ہیں جو ماضی میں کئی دہائیوں تک اسٹیبلشمنٹ کے سہارے سیاست کرتے رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کا یہ حال تھا کہ اپنی سیاسی جماعت کے ہوائی ٹکٹ بھی اسٹیبلشمنٹ سے بنواتے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

اہم خبر



ٹنالی اے بیکر سے عثمان اشرف مغل کی اسلام آباد میں خاص ملاقات

ہارڈیز پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر کی امریکی سفارتخانے کی ناظم الامور سے کاروباری معاملے پر گفتگو

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) ہارڈیز پاکستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر عثمان اشرف مغل نے اسلام آباد میں امریکی سفارت خانے کی ناظم الامور ٹنالی اے بیکر سے ملاقات کی۔ ملاقات میں کاروباری ترقی، سرمایہ کاری کے مواقع اور پاکستان و امریکہ کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعاون کے فروغ پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ٹنالی اے بیکر نے امریکن بزنس فورم کے نائب صدر منتخب ہونے پر عثمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

نااہل حکمرانوں کی پالیسیوں نے نوجوانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کر دیا، حلیم عادل شیخ

2024ء سے 2026ء تک 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد نوجوان روزگار کے لیے بیرونِ ملک جا چکے

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف سندھ کے صدر حلیم عادل شیخ نے کہا ہے کہ حکمرانوں کی ناقص معاشی پالیسیوں نے نوجوانوں کو ملک چھوڑنے پر مجبور کر دیا ہے۔ 2024ء سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج فوری واپس لیا جائے، رضوان نیازی

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریکِ انصاف سندھ کے ایڈیشنل جنرل سیکریٹری رضوان نیازی نے مطالبہ کیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ہنگامی حالت اور گورنر راج کے نفاذ کا فیصلہ فوری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)


دینی اور عصری جامعات کے پہلے چانسلر محمد عربی ﷺ تھے، مولانا حافظ عبدالرحمٰن

کراچی (این این آئی) دنیا کی عظیم پہلی اسلامک یونیورسٹی آج سے چودہ سو سال قبل مسجد نبوی ﷺ سے ملحقہ چبوترے پر قائم ہوئی تھی جس کے چانسلر محمد ﷺ تھے اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

شاہین فورس کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے، ایڈیشنل آئی جی کراچی

اہلکار شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کے لیے مؤثر کردار ادا کریں، آزاد خان

کراچی (این این آئی) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے کہا ہے کہ شاہین فورس کراچی پولیس کی فرنٹ لائن فورس ہے، جس پر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم کی روک تھام کی اہم ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ اہلکار اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پوری محنت، لگن اور ذمہ داری کے ساتھ فرائض انجام دیں۔ ترجمان کراچی پولیس کے مطابق ایڈیشنل آئی جی کراچی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)



گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی کو MITE کے صدر ڈاکٹر فیصل مشتاق شیلڈ پیش کر رہے ہیں، اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی بھی موجود ہیں

تعلیم ہماری میراث، نوجوان 2047ء کے پاکستان کی قیادت کرینگے، گورنر سندھ

وزیراعظم شہباز شریف پنجاب کے بعد سندھ اور اسلام آباد میں بھی دانش اسکول قائم کر رہے ہیں، سید نہال ہاشمی

ڈاکٹر فیصل مشتاق اور پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی کی تعلیمی خدمات کو سراہتے ہیں، پروفیسر انتھونی وڈمین، پروفیسر میلانی گرے بھی موجود

کراچی (بزنس رپورٹر) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا ہے کہ تعلیم ہماری میراث ہے اور آج کے نوجوان 2047ء کے پاکستان کی قیادت کریں گے۔ ان میں سے کوئی سرکاری افسر، وزیراعظم یا صدرِ پاکستان بن سکتا ہے، اس لیے نوجوانوں کو علم، جدید مہارتوں اور اعلیٰ کردار کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف اپوزیشن جماعتوں نے مشترکہ جدوجہد کا اعلان کرتے ہوئے آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور شفاف انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ کر دیا



اپوزیشن رہنما پشاور ہائی کورٹ کے احاطے میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے (فائل فوٹو)

قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے تمام اپوزیشن جماعتوں سے رابطوں اور آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسمبلیاں چھوڑنے کا آپشن بھی موجود ہے، تاہم ہم پرامن اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں اور مذاکرات کے لیے بھی تیار ہیں

پشاور ہائیکورٹ اس لیے آئے ہیں کہ صوبے کے چار کروڑ عوام کی منتخب حکومت ختم کر دی گئی ہے ان کا کہنا تھا کہ انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف نے نشستیں جیتیں، لیکن حکومت کسی اور کو دے دی گئی، ارکان اسمبلی کو نااہل کیا گیا اور انتخابی عمل پر بھی سنگین اعتراضات سامنے آئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف اپوزیشن جماعتوں نے مشترکہ جدوجہد کا اعلان کرتے ہوئے آئین کی بالادستی، پارلیمنٹ کی خودمختاری اور شفاف انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ کر دیا۔ قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے تمام اپوزیشن جماعتوں سے رابطوں اور آل پارٹیز کانفرنس بلانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسمبلیاں چھوڑنے کا آپشن بھی موجود ہے، (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

ڈہرکی کے قریب ملت ایکسپریس کی بوگی پٹری سے اتر گئی، ٹرینوں کی آمدورفت متاثر

ڈاؤن ٹریک تین گھنٹے متاثر رہا، متاثرہ بوگی الگ کرنے کے بعد ٹرین منزل کی جانب روانہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

ڈہرکی (این این آئی) گھوٹکی کے قریب ڈہرکی میں ملت ایکسپریس کی ایک بوگی پٹری سے اتر گئی، جس کے باعث ڈاؤن ریلوے ٹریک پر ٹرینوں کی آمد ورفت تقریباً تین گھنٹے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

انمول عرف پنکی مزید دو مقدمات میں بری، رہائی کا حکم

پراسیکیوشن الزامات ثابت کرنے کے لیے شواہد پیش نہ کر سکی، ملزمہ اب تک پانچ مقدمات میں بری ہو چکی ہے

کراچی (این این آئی) منشیات کے مقدمات میں نامزد انمول عرف پنکی کو مزید دو مقدمات میں بری کرنے کا حکم سنا دیا گیا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کی عدالت نے منشیات اور سہولت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

نارتھ کراچی میں قتل میاں بیوی سپرد خاک، بچے کینیڈا سے پہنچ گئے

ابتدائی تفتیش میں جائیداد کا تنازع یا ذاتی عناد قتل کی وجہ معلوم ہوتا ہے، گھر میں لوٹ مار کے شواہد نہیں ملے، پولیس

کراچی (این این آئی) نارتھ کراچی میں قتل کیے گئے عمر رسیدہ میاں بیوی محمد یامین خان اور ان کی اہلیہ نفیسہ اختر کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، جبکہ مقتولین کے بچے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

اسٹاک مارکیٹ تازہ سرمایہ کاری سے کاروبار کا گراف بلندی کی جانب گامزن رہا

کراچی (بزنس رپورٹر) امریکی صدر ٹرمپ کے جلد جنگ ختم ہونے کے بیان، پارلیمنٹ سے ایمرجنسی و گورنر راج کی اکثریت کے ساتھ منظور ہونے کی خبروں کے باعث پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں جمہرات کو بھی محدود اتار چڑھاؤ کے بعد تیزی رہی جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 66 ہزار (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

گورنر راج نافذ کر کے حکمرانوں نے اپنا انجام مزید قریب کر لیا ہے، ڈاکٹر مسرور سیال

پی ٹی آئی ملک، جمہوریت اور آئین کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے

فارم 47 کی پیداوار حکمران عوامی طاقت کا مقابلہ نہیں کر سکتے، جنرل سیکریٹری پی ٹی آئی سندھ

کراچی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سندھ کے جنرل سیکریٹری ڈاکٹر مسرور سیال نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی ملک، جمہوریت اور آئین کے تحفظ کی جنگ لڑ رہی ہے، فارم 47 کی پیداوار حکمران عوامی طاقت کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر مسرور سیال نے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

عالمی قرضوں کا بوجھ بڑھنے لگا، 2030ء تک قرض مجموعی عالمی پیداوار سے تجاوز کرنے کا خدشہ

آئی ایم ایف کی حکومتوں کو بجٹ خسارہ کم کرنے کی ہدایت

قرضوں پر سود کی ادائیگیوں میں اضافے سے ترقیاتی اخراجات متاثر ہونے کا انتباہ

کراچی (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے خبردار کیا ہے کہ دنیا بھر میں حکومتی قرضوں کی لاگت میں اضافے سے مالی دباؤ بڑھ رہا ہے، جبکہ عالمی عوامی قرضہ 2030ء تک دنیا کی مجموعی معاشی پیداوار کے 100 فیصد سے تجاوز کر سکتا ہے۔ ادارے نے حکومتوں پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

ٹراما آگاہی ہفتہ، محفوظ ڈرائیونگ کو معاشرتی رویہ بنایا جائے، ڈاکٹر صابر میمن

ٹریفک قوانین پر عمل کر کے 70 فیصد حادثات سے بچا جا سکتا ہے، ڈی آئی جی ٹریفک

پیر محمد شاہ، ٹراما سینٹر میں روزانہ ساڑھے 550 سے زائد مریض لائے جاتے ہیں، ڈاکٹر صابر میمن

کراچی (این این آئی) شہید محترمہ بینظیر بھٹو انسٹی ٹیوٹ آف ٹراما کراچی میں ٹراما آگاہی ہفتہ 2026ء کے دوسرے روز منعقدہ تقریبات میں ماہرین نے حادثات کی روک تھام (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

وفاقی سیکریٹری بحری امور کا KPT کی کارکردگی اور ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ

کیپٹن محمد خرم آغا کو چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد نے مالی سال 26-2025 کی ریکارڈ کارکردگی پر بریفنگ

وفاقی سیکریٹری کا مزید براہِ راست بحری سروسز کے قیام اور کراچی بندرگاہ کو علاقائی ٹرانس شپمنٹ مرکز بنانے پر بھی زور دیا

کراچی (بزنس رپورٹر) وفاقی سیکریٹری بحری امور، کیپٹن محمد خرم آغا (ریٹائرڈ) نے کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) کا دورہ کیا، جہاں چیئرمین کے پی ٹی، ریئر ایڈمرل شاہد احمد S.Bt، (M)SI (ریٹائرڈ) نے انہیں مالی سال 2025-26 کی ریکارڈ کارکردگی، بندرگاہ کی جدید کاری، کیپٹل ڈریجنگ، ٹرانس شپمنٹ، یورپ کے لیے براہِ راست بحری رابطوں اور مجوزہ 140 میٹر پر مشتمل میری ٹائم بزنس ڈسٹرکٹ سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)




وفاقی سیکریٹری بحری امور کیپٹن محمد خرم آغا کو کراچی پورٹ ٹرسٹ دورے کے موقع پر چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد شیلڈ پیش کر رہے ہیں

ایس ایم ایز کی ترقی کیلئے جامع حکمتِ عملی، ڈیجیٹل سہولتیں ناگزیر، محمد ذکریا اکبر ضیا

اسلام آباد چیمبر کی قیادت کا ایس ایم ایز کی ترقی کے لیے جامع حکمتِ عملی پر زور

کاروباری ضروریات کے مطابق مالی سہولتوں کی فراہمی ضروری ہے سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چھٹہ



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا اکبر ضیا نے کہا ہے کہ چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار (ایس ایم ایز) پاکستان کی معاشی ترقی، صنعتی فروغ، روزگار کی فراہمی اور برآمدات بڑھانے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایز کی مؤثر سرپرستی سے مقامی صنعت، کاروباری سرگرمیوں اور ملکی پیداواری صلاحیت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے۔ وہ چیمبر ہاؤس میں کاروباری نمائندوں پر مشتمل مختلف وفود سے گفتگو کر رہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

سیاسی اختلافات برداشت، پاک فوج کیخلاف پروپیگنڈا قبول نہیں، جمیل ضیا

پاک فوج اور پولیس کے شہدا کی قربانیاں قوم کبھی فراموش نہیں کر سکتی، چیئرمین اورنگی ٹاؤن

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین اورنگی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



کراچی: ریپ کا وفد چیئرمین محمد رضا کی قیادت میں ملائیشیا کے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم کو شیلڈ پیش کر رہے ہیں فیصل انیس، الطاف حسین، عارف علی خان اور ریپ کی نوجوان خاتون رکن فرحت رشید جان محمد بھی اس موقع پر موجود ہیں

ظفر بختاوری، چوہدری زاہد اقبال اور حسن بختاوری کا جہلم چیمبر کا دورہ

یونائیٹڈ بزنس گروپ نے اپنے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر کو فیڈریشن کی صدارت کے لیے نامزد کیا ہے، کاروباری برادری کے وسیع تر مفاد میں ایس ایم تنویر کی حمایت

نومنتخب صدر اظہر اقبال ڈار، سینئر نائب صدر عبدالغفور بٹ، نائب صدر محمد ندیم کیانی، ای سی او جی بی ممبران ڈاکٹر فضل الحق فضلی، کوثر علی شاہ سیکرٹری جنرل حمزہ خلیل کو مبارکباد

جہلم (بزنس رپورٹر) سیکرٹری جنرل یونائیٹڈ بزنس گروپ (یو بی جی) ظفر بختاوری، ممبر سینٹرل کور کمیٹی یو بی جی احسن بختاوری اور گروپ لیڈر وہاڑی چیمبر آف کامرس چوہدری زاہد اقبال نے جہلم چیمبر آف کامرس کا دورہ کیا اور نومنتخب صدر اظہر اقبال ڈار، سینئر نائب صدر عبدالغفور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

قائدِ ملت لیاقت علی خان تحریکِ پاکستان کے عظیم مجاہد تھے، آصف جمال قریشی

کراچی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) سندھ کے صدر آصف جمال قریشی نے کہا ہے کہ پاکستان کے پہلے وزیراعظم اور قائدِ ملت شہید لیاقت علی خان تحریکِ پاکستان کے عظیم مجاہد اور بے لوث قومی رہنما تھے۔ نواب خاندان سے تعلق رکھنے کے باوجود انہوں نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

شہیدِ ملت کا یومِ شہادت سرکاری سطح پر نہ منانا حکومتی بے حسی ہے، اسلم فاروقی

کراچی (این این آئی) محبِ قومی ساجی کونسل (ایم کیو ایس سی) پاکستان کے چیئرمین محمد اسلم خان فاروقی نے کہا ہے کہ تحریکِ پاکستان کے سرکردہ رہنما اور ملک کے پہلے وزیراعظم شہیدِ ملت لیاقت علی خان کا یومِ شہادت سرکاری سطح پر نہ منانا حکومتی بے حسی ہے۔ حکومت کو لیاقت علی خان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

شہیدِ ملت لیاقت علی خان کی 75 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی

قائداعظم کے قریبی ساتھی اور پاکستان کے پہلے وزیراعظم 16 اکتوبر 1951ء کو راولپنڈی میں شہید ہوئے، قتل کے محرکات آج تک سامنے نہ آ سکے

کراچی (این این آئی) پاکستان کے پہلے وزیراعظم اور تحریک پاکستان کے اہم رہنما شہیدِ ملت نوابزادہ لیاقت علی خان کی 75 ویں برسی جمعہ کو ملک بھر میں عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ اس موقع پر ان کی قومی خدمات، جدوجہد آزادی اور قیام پاکستان کے لیے دی جانے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

گیس لیکیج اور فائرنگ کے واقعات، خاتون پولیس اہلکار سمیت 2 خواتین زخمی

کورنگی پولیس لائن کے کوارٹر میں آگ لگنے سے کانسٹیبل خدیجہ 15 فیصد جھلس گئیں، سرجانی ٹاؤن میں گھر کے اندر فائرنگ سے امبر زخمی

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں میں گیس لیکیج سے آگ بھڑکنے اور فائرنگ کے واقعات میں خاتون پولیس اہلکار سمیت دو خواتین زخمی ہو گئیں، جنہیں طبی امداد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

کراچی میں مختلف مقامات پر پولیس مقابلے، 5 ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

شاہ لطیف ٹاؤن، تین ہٹی، درخشاں، لیاقت آباد اور پیر کی میں کارروائیاں، اسلحہ، نقدی، موبائل فون اور موٹر سائیکلیں برآمد

کراچی (این این آئی) شہر کے مختلف علاقوں | میں پولیس نے مبینہ مقابلوں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

صحت کارڈ کے تحت خدمات جاری رہیں گی: نگار جوہر خان

صحت سے متعلق کے پی کے کی مشاورتی کونسل کی رکن کا طبی سہولیات عوام تک پہنچانے پر زور

صحت کارڈ پروگرام کے مالی معاملات کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے جامع آڈٹ کرایا جائے گا



اسلام آباد (بزنس رپورٹر) صحت سے متعلق مشاورتی کونسل کی رکن لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر خان نے کہا ہے کہ صحت کارڈ عوام کو طبی سہولیات تک رسائی فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ عوامی فلاح و بہبود کے اس اہم منصوبے کا تسلسل برقرار رکھا جائے اور اس کی افادیت کو مزید بہتر بنایا جائے۔ انہوں نے یہ بات صحت کارڈ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی، جس میں پروگرام کے انتظامی اور مالی امور کا جائزہ لیا گیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ مستحقین کو طبی سہولیات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

بچے اللہ کی نعمت، ان کا تحفظ دینی و اخلاقی فریضہ ہے، مفتی اکرام اللہ واحدی

پشاور میں اسکول کی چھت گرنے سے 30 سے زائد بچوں کی شہادت پر اظہارِ افسوس

کراچی (این این آئی) اتحاد المدارس الاسلامیہ | کے ناظمِ امتحانات مفتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)



جہلم: سیکرٹری جنرل یو بی جی ظفر بختاوری، میر کور کمیٹی یو بی جی احسن بختاوری، گروپ لیڈر وہاڑی چیمبر زاہد اقبال نومنتخب صدر جہلم چیمبر آف کامرس اظہر اقبال ڈار و دیگر عہدیداران کو مبارکباد اور گلدستہ پیش کر رہے ہیں۔

روزنامہ
قوم کی آواز
کراچی
چیف ایڈیٹر: فراست شاہ
ایگزیکٹو ایڈیٹر: نصرت حارث
نیوز ایڈیٹر: عدنان ملک
Reg No. 1/T/0001/642446
ایڈیٹر انچیف و پبلشر فراست شاہ نے وائس آف نیشن گروپ آف پبلیکیشن کے زیر اہتمام روزنامہ ''قوم کی آواز'' کراچی سٹی پریس سے چھپوا کر B/11 بلاک 15 الرعی ایونیو نیئر ممتاز منزل گلشن اقبال کراچی سے شائع کیا۔
GROUP OF PUBLICATION
VON
VOICE OF NATION
ایسوسی ایٹ ایڈیٹر: ایس ایم اقبال
جن قارئین کو اخبار نہ ملے یا تاخیر سے ملنے کی شکایت ہو تو براہ کرام ان نمبرز پر اطلاع کریں۔
021 34825826-29 Fax 021 4825830 www.qaumkiawaz.pk

جناب گورنر کے اقدامات۔۔۔۔!

گورنر خیبر پختونخوا (کے پی) فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے دہشت گردی کا مقابلہ پوری سنجیدگی، عزم اور اتحاد کے ساتھ کرنا ہوگا۔ پشاور میں گذشتہ روز خیبر پختونخوا پولیس کے شہداء کے لواحقین میں پلاٹوں کی الاٹمنٹ کے خطوط تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اُن کا کہنا تھا کہ صوبے کے عوام، پاک فوج اور پولیس سمیت دیگر اداروں نے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، شہداء کی قربانیوں کا متبادل نہیں دے سکتے، وہ شہداء کے اہلِ خانہ کو یقین دلاتے ہیں کہ اُنہیں تنہاء چھوڑیں گے نہ ہی شہداء کا خون رائیگاں جانے دیں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ وہ وزیر داخلہ کے شکر گزار ہیں جنہوں نے پولیس کی استعداد بڑھانے کیلئے گاڑیاں فراہم کیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ پولیس کی تنخواہوں میں اضافہ کر کے انہیں دوسرے صوبوں کے برابر کر دیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے بعد پولیس کے شہداء پیکیج میں اضافے کے علاوہ پولیس کی تنخواہوں سمیت اُن کے بچوں کی تعلیم اور شادی کی مالی معاونت کا بھی اعلان کیا گیا۔ کانسٹیبل سے ڈپٹی انسپکٹر جنرل (ڈی آئی جی) رینک تک کے شہید پیکیج میں 60 لاکھ سے قریباً ڈیڑھ کروڑ روپے تک کے اضافے کا اعلان کیا گیا جبکہ شہداء کے خاندانوں کیلئے پلاٹ کے بجائے گھر خریدنے کیلئے نقد مالی معاونت کے پیکیج کا اعلان بھی ہوا جس کے تحت کانسٹیبل سے انسپکٹر تک ایک کروڑ 80 لاکھ، ڈی ایس پی یا اے ایس پی کیلئے ڈھائی کروڑ، گریڈ 18 اور 19 کے افسروں کیلئے ساڑھے تین کروڑ جبکہ گریڈ 20 اور اُس سے اوپر کیلئے سات کروڑ روپے دیے جائیں گے۔ پولیس اہلکاروں کے بچوں یا والدین کو ٹارگٹ کیے جانے پر 50 لاکھ روپے کی مالی امداد دی جائے گی۔ پنجاب طرز پر پولیس شہداء کی بچیوں کو شادی پر 10 لاکھ روپے بطور تحفہ دیے جائیں گے جبکہ بچوں کی تعلیمی معاونت بھی کی جائے گی۔ جنابِ کنڈی کا کہنا تھا شہداء کے خاندان ملک کا فخر ہیں، ان کی دیکھ بھال حکومت کی ذمہ داری ہے، اب شہداء کے ورثاء کو پلاٹ الاٹ ہونے کا انتظار نہیں کرنا پڑے گا، وہ فوری طور پر اپنی مرضی سے گھر کی تعمیر یا اِسے خرید سکیں گے۔ زخمی ہونے والے اہلکاروں کیلئے مستقل معذوری کی صورت میں مالی معاونت پانچ لاکھ روپے سے بڑھا کر 50 لاکھ روپے جبکہ دورانِ ڈیوٹی زخمی ہونے پر ایک لاکھ روپے سے بڑھا کر 15 لاکھ روپے، قریبی اہل خانہ کی وفات پر خصوصی مالی معاونت کے تحت شریکِ حیات یا بچوں کی وفات پر 50 لاکھ روپے، والد، والدہ، بھائی یا بہن کی وفات پر 30 لاکھ روپے کر دی گئی ہے۔ گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے تین روز کے اندر قبائلی اور جنوبی اضلاع میں اَمن و امان کی بحالی، عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں میں مقامی آبادی کی براہِ راست نمائندگی کی یقینی بنانے کے لئے 12 اضلاع پر مشتمل علاقائی ترقیاتی کونسل کی تشکیل کا انتخابی عمل بھی شروع کر دیا گیا ہے۔ متعلقہ حکام کے مطابق خیبر پختونخوا کے 12 اضلاع میں ہر ضلعے سے دو قبائلی عمائدین یا ملک منتخب کیے جائیں گے یوں یہ کونسل مجموعی طور پر 24 ارکان پر مشتمل ہوگی۔ کونسل کے ارکان کا انتخاب روایتی جرگہ نظام، مقامی قبائلی روایات اور باہمی مشاورت کے ذریعے کیا جائے گا جبکہ پہلے مرحلے میں شمالی وزیرستان، خیبر، بنوں اور ٹل میں انتخابی عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا تھا کہ ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے چار علاقوں میں جرگوں اور مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا جن میں قبائلی مشران، ملک، علمائے کرام، مقامی عمائدین اور تاجر برادری کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اِن اجلاسوں میں اَمن اور امان کی صورتحال، سکیورٹی چیلنجوں، عوام کو درپیش مسائل اور ترقیاتی ضروریات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترقیاتی کونسل کی تشکیل کے حوالے سے بتایا گیا کہ نئے انتظامی نظام کے تحت باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر، جنوبی وزیرستان لوئر، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت اور بنوں سے مقامی نمائندوں کا انتخاب کیا جائے گا اور آئندہ دو روز کے دوران باقی اضلاع میں بھی انتخابی عمل شروع ہو جائے گا۔



جے پی ایم سی کراچی میں بریسٹ کینسر سے آگاہی واک اور سائنسی سمپوزیم کا انعقاد

مقصد خواتین میں چھاتی کے سرطان سے متعلق شعور اجاگر کرنا، بروقت تشخیص کی اہمیت کو فروغ دینا اور مریضوں کے علاج میں بہتری لانا تھا



کراچی (رپورٹ: پیر بخش نوناری) کراچی جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر (جے پی ایم سی) کراچی میں بریسٹ کینسر سے آگاہی کے لیے واک اور سائنسی سمپوزیم کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد خواتین میں چھاتی کے سرطان سے متعلق شعور اجاگر کرنا، بروقت تشخیص کی اہمیت کو فروغ دینا اور مریضوں کے علاج میں بہتری لانا تھا اس موقع پر منعقدہ سائنسی سمپوزیم کا موضوع بریسٹ کینسر کے پیچیدہ طبی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

پولیس اہلکار کے اہل خانہ کی پولیس کی گھر پر چڑھائی، تشدد اور جھوٹے مقدمے میں پھنسانے کے خلاف انصاف کی اپیل



میر پور خاص (بیورو رپورٹ) پولیس اہلکار کے اہل خانہ کی پولیس کی گھر پر چڑھائی، تشدد اور جھوٹے مقدمے میں پھنسانے کے خلاف انصاف کی اپیل تفصیلات کے مطابق حمید پورہ کالونی کے رہائشی پولیس اہلکار طارق کی زوجہ ان کے بیٹے جمشید بھٹی اور دیگر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

خیر پور میں امن کا سورج ایس ایس پی خیر پور کیپٹن (ر) امیر سعود مگسی کو اہلیان خیر پور کا سلام



خیر پور (تحریر: سجاد حسین شر) خیر پور کی دھرتی بہادروں کی دھرتی ہے، اور اس دھرتی پر جب کوئی فرض شناس، ایماندار اور عوام دوست افسر آتا ہے تو عوام اسے دل میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

عوامی خدمات کے حوالے سے شہریوں کے تحفظات پر غور کے لیے ضلع میر پور خاص میں 'کمیونٹی اکاؤنٹبلٹی فورم' کا انعقاد

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ضلع میر پور خاص سٹیزن نیٹ ورک فار بجٹ اکاؤنٹبلٹی (CNBA) کی پارٹنر تنظیم سکارو ویلفیئر آرگنائزیشن کے زیر اہتمام ضلع میر پور خاص میں ایک 'کمیونٹی اکاؤنٹبلٹی فورم' (عوامی احتساب فورم) کا انعقاد کیا گیا۔ اس فورم کا مقصد صحت، تعلیم اور بلدیاتی خدمات کے شعبوں میں عوامی خدمات کی فراہمی کے حوالے سے شہریوں کے تجربات اور آراء پر تبادلہ خیال کرنا تھا۔ واضح رہے کہ 'سی این بی اے' (CNBA) سول سوسائٹی کی تنظیموں کا ایک ملک گیر نیٹ ورک ہے جسے 'سینٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ انیشی ایٹوز' (CPDI) چلاتا ہے۔ سی پی ڈی آئی اس سلسلے میں تحقیق کرنے کے ساتھ ساتھ تکنیکی مدد اور رہنمائی فراہم کرتا ہے، جبکہ پارٹنر سول سوسائٹی تنظیمیں (CSOs) اس نیٹ ورک کے ذریعے مقامی کمیونٹیز اور متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کرتی ہیں۔ اس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

بیوی کے گھر چھوڑ جانے پر باپ کی چار کمسن بیٹیوں سمیت زہریلی دوا پی کر خودکشی کی کوشش، پانچوں کی حالت تشویشناک

کنری (نامہ نگار) عمرکوٹ کے علاقے ڈھورونارو کے قریب گاؤں حاجی نواب علی راجڑ میں بلدیہ کے رہائشی 30 سالہ گھمچند کولہی نے اپنی چار کمسن بیٹیوں سمیت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)



سابق ایس ڈی او حیسکو کنری ریاض احمد ارباب کی جبری ریٹائرمنٹ کے بعد خالی ہونے والی اسامی پر علی گل جمھر کو ایس ڈی او حیسکو سب ڈویژن کنری مقرر کر دیا



کنری (نامہ نگار) سابق ایس ڈی او حیسکو کنری ریاض احمد ارباب کے بعد خالی ہونے والی اسامی پر علی گل جمھر کو ایس ڈی او حیسکو سب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

میر پور خاص: سرکاری پرائمری اسکول میں خواتین اساتذہ کو ہراساں کرنے کی شکایت، پی ٹی الف رہنما اعظم ہزاروی معطل

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) سرکاری پرائمری اسکول میں خواتین اساتذہ کو ہراساں کرنے کی شکایت، پی ٹی الف رہنما اعظم ہزاروی معطل، سرکاری اقراء گرلز پرائمری اسکول سلائٹ ٹاؤن کی ہیڈ مسٹریس اور خود کو ایڈیشنل سیکریٹری کہلوانے والے شخص کی جانب سے خواتین اساتذہ کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے اور بدتمیزی کرنے کی شکایت پر ٹی الف کے رہنما موقع (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ایس ایس پی میر پور خاص کی جانب سے تفتیشی افسران کی استعدادِ کار میں اضافے کے لیے تربیتی سیشن کا انعقاد

میر پور خاص (بیورو رپورٹ) ایس ایس پی میر پور خاص کی جانب سے تفتیشی افسران اور ورکنگ ہیڈ کانسٹیبلز کی پیشہ ورانہ استعدادِ کار میں اضافے اور تفتیش کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ تربیتی سیشن میں ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر محمد اسلم عمرانی اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر پردیپ کمار نے شرکت کی۔ تربیتی شیشن میں اے ایس پی (یو ٹی) عبدالرب شاہ، تمام ایس ڈی پی اوز، انچارج لیگل سیل ہمیمن داس اور ریڈر ٹو ایس ایس پی میر پور خاص بھی موجود تھے۔ سیشن کے دوران تفتیشی افسران اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ لاروش کرکٹ کلب سیمی فائنل میں پہنچ گئی، نصرت محبوب، صدرز ون دو



کراچی (اسپورٹس رپورٹر) پی سی بی کی ہدایت پر اور ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی زون دو کے زیر اہتمام منعقدہ پروفیسر اعجاز فاروقی پی سی بی انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ 2026 کے دوسرے کوارٹر فائنل میں لاروش کرکٹ کلب نے ٹورنامنٹ کی فیورٹ داؤد اسپورٹس کو 4 وکٹوں سے شکست دیکر سیمی فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا ٹی ایم سی کرکٹ گراونڈ پر کھیلے میچ میں داؤد اسپورٹس کے کپتان نوید خان نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے داؤد اسپورٹس نے 38•5 اوورز میں تمام کھلاڑیوں کے نقصان پر 254 رنز اسکور کئے کپتان نوید خان نے 57 رنز، ذاکر ملک نے 55 رنز، نور ولی نے 42 رنز اور عبید الرحمٰن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

GOLD RATE

سونا 24K-(10 گرام)	387,517
سونا 24K-(فی تولہ)	452,000
سونا 22K-(10 گرام)	355,224
سونا 22K-(فی تولہ)	414,440
چاندی-(10 گرام)	5824

نماز ٹائمنگ

فجر	05:10 am
ظہر	01:30 pm
عصر	05:45 pm
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	09:15 pm

نرخ نامہ برائے پولٹری

نام	قیمت
برائلر مرغی	398/kg
برائلر مرغی کا گوشت	635/kg
انڈے (فارم) ہول سیل	244/Dozen
انڈے (فارم) ریٹیل	260(Dozen)



ٹرینوں کی آمد و رفت

علامہ اقبال ایکسپریس	2:15	8:10
ہزارہ ایکسپریس	7:35	11:45
عوام ایکسپریس	7:00	7:16
سکھر ایکسپریس	11:10	7:10
کراچی ایکسپریس	6:00	11:45
بہاؤالدین زکریا	6:30	8:50
شالیمار ایکسپریس	6:00	11:45
پاکستان ایکسپریس	1:30	8:35
گرین لائن	10:00	1:55
تیزگام	5:30	9:55



شرح تبادلہ

کرنسی	قیمت خرید	قیمت فروخت
امریکی ڈالر	279.00	279.40
یورو	321.18	326.17
برطانوی پونڈ	371.49	375.25
امارات درہم	75.95	76.75
سعودی ریال	74.30	74.95
کویتی دینار	885.17	895.85
کینیڈین ڈالر	195.60	198.00
آسٹریلین ڈالر	176.25	178.50
عمانی ریال	724.50	733.00
جاپانی ین	1.91	1.97
ملائیشین رنگٹ	62.18	62.78
قطری دینار	76.18	76.88
بحرین دینار	740.30	748.30
ہانگ کانگ ڈالر	36.24	36.59
سنگاپور ڈالر	210	212
بھارتی روپیہ	3.12	3.21

Proundup Pakistan

ترتیب: علیم نواب خان
تصاویر: نسیم خان

آصف سم سم تعلیم کے قدردان: غیر ملکی جامعات کے سربراہان کے اعزاز میں عشائیہ

دنیا بھر کی یونیورسٹیز کے چانسلر اور وائس چانسلر کی پاکستان آمد باعث اعزاز ہے، بیرسٹر مجتبیٰ سم سم، مرتضیٰ سم سم

محمود صدیق، پروفیسر ڈاکٹر سامی الشریف، ڈاکٹر احمد بن سعد الحمد، ڈاکٹر عبداللطیف بوعزیزی اور دیگر جامعات کے سربراہان شریک

مفتی عبدالرحیم، مفتی طارق مسعود، زبیر موتی والا، احمد چنائے، طلعت محمود، ذیشان ذکی، جوہر اقبال، عابد مجید سمیت سیکڑوں موجود



کراچی (بزنس رپورٹر) معروف کاروباری شخصیت اور آباد کے سابق چیئرمین آصف سم سم اور بیرسٹر مجتبیٰ سم سم کی جانب سے کراچی میں منعقدہ 2 روزہ عالمی یونیورسٹیز سمٹ میں شرکت کے لیے دنیا بھر سے آنے والے جامعات کے سربراہان، وائس چانسلرز اور اساتذہ کے اعزاز میں عشایے کا اہتمام کیا گیا۔ جامعہ الرشید اور الغزالی یونیورسٹی کراچی میں لیگ آف اسلامک یونیورسٹیز، مکہ کے اشتراک سے منعقدہ عالمی کانفرنس میں 34 ممالک کی جامعات کے چانسلرز اور وائس چانسلرز سمیت ممتاز علمی و تعلیمی شخصیات نے شرکت کی۔ کانفرنس میں جامعہ الازہر مصر کے وائس چانسلر محمود صدیق، لیگ آف اسلامک یونیورسٹیز کے سیکرٹری جنرل پروفیسر ڈاکٹر سامی الشریف، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد کے صدر ڈاکٹر احمد بن سعد الحمد، جامعہ زیتونہ تیونس کے چانسلر ڈاکٹر عبداللطیف بوعزیزی اور دیگر ممالک کی جامعات کے سربراہان شریک ہوئے۔ اس موقع پر الغزالی یونیورسٹی کے چانسلر مفتی عبدالرحیم، بزنس مین گروپ کے چیئرمین زبیر موتی والا اور دیگر شخصیات بھی موجود تھیں۔ غیر ملکی اساتذہ نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان، عرب دنیا اور دیگر اسلامی ممالک کی جامعات کے درمیان علمی، تحقیقی اور تعلیمی تعاون کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، موجودہ دور میں اعلیٰ تعلیم کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جامعات کو انفرادی کوششوں کے بجائے مشترکہ حکمت عملی اپناتے ہوئے ایک دوسرے کے تجربات اور تحقیقی صلاحیتوں سے استفادہ کرنا چاہیے۔ عشایے کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے آصف سم سم اور وائس آف یوتھ کے چیئرمین بیرسٹر مجتبیٰ سم سم نے کہا کہ دنیا بھر سے پاکستان آنے والے اساتذہ اور جامعات کے سربراہان ہمارے ملک کے معزز مہمان ہیں، جن کی میزبانی کرنا ہمارے لیے باعث اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی جامعات سے تعلق رکھنے والی علمی شخصیات کی پاکستان آمد ہمارے لیے خوشی اور فخر کا باعث ہے اور ہم نے اپنی میزبانی کا حق ادا کرنے کی بھرپور کوشش کی ہے۔ اس موقع پر مہمانوں کو سندھ کی ثقافتی علامت اجرک پیش کی گئی جب کہ عشایے کا اہتمام عالمی کانفرنس میں شریک معزز مہمانوں کے اعزاز میں کیا گیا۔

پاکستانی نوجوانوں کی دانش سہیل کی قیادت میں شاہ چارلس سوئم اور ملکہ کیملا سے ملاقات


پانچ پاکستانی نوجوانوں نے ملکہ الزبتھ دوئم مشترکہ ٹرسٹ کا 100 ینگ لیڈرز ایوارڈ لندن کے سینٹ جیمز پیلس میں حاصل کیا

پاکستانی ایوارڈ یافتگان میں دانش سہیل، جوشوا دلاور، حسن اشرف اور فرح گل راہوجا کے نام شامل ہیں 56 ممالک کے نوجوان شریک

دانش سہیل پاکستان کی نوجوانوں کی تنظیم دی ینگ چینج میکرز کے شریک بانی بھی ہیں، جسکا ایک چیپٹر برطانیہ میں بھی ہے



لندن (بزنس رپورٹر) پاکستان کے پانچ نوجوان رہنماؤں نے ملکہ الزبتھ دوم دولتِ مشترکہ ٹرسٹ (کیو ای سی ٹی) کا 100 ینگ لیڈرز ایوارڈ حاصل کر لیا ہے۔ ان میں سے دو نوجوانوں، دانش سہیل اور جوشوا دلاور، نے لندن کے سینٹ جیمز پیلس میں شاہ چارلس سوم اور ملکہ کیملا سے ملاقات کی۔ یہ ملاقات کیو ای سی ٹی 100 ینگ لیڈرز کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیے میں ہوئی، جو دولتِ مشترکہ کے سربراہانِ حکومت کے اجلاس (چوگم) 2026 سے قبل منعقد کیا گیا۔ کیو ای سی ٹی 100 ینگ لیڈرز ایوارڈ زمرحومہ ملکہ الزبتھ دوم کی سویں سالگرہ کی یاد میں دیے جا رہے ہیں، جو اپریل 2026 میں ہوتی۔ ان ایوارڈز کے ذریعے دولتِ مشترکہ کے 56 ممالک سے 18 سے 35 سال کی عمر کے 100 ایسے نوجوانوں کو اعزاز دیا گیا ہے جو تعلیم، صحت، ماحولیات، خوراک و زراعت یا سماجی شمولیت کے شعبوں میں کسی سماجی منصوبے کے بانی، شریک بانی یا قائد ہیں اور جن کے کام کے نتائج واضح طور پر سامنے آ چکے ہیں۔ پاکستانی ایوارڈ یافتگان میں دانش سہیل، جوشوا دلاور، حسن اشرف اور فرح گل راہوجا کے علاوہ [پانچواں نام] شامل ہیں۔ دانش سہیل پاکستان کی نوجوانوں کی قیادت میں چلنے والی تنظیم دی ینگ چینج میکرز کے شریک بانی ہیں، جس کا ایک چیپٹر برطانیہ میں بھی ہے۔ یہ تنظیم جنسی و تولیدی صحت اور حقوق، پسماندہ طبقات کی شمولیت، موسمیاتی اقدامات اور پائیدار ترقی کے اہداف پر کام کرتی ہے۔ دانش نے اس پلیٹ فارم کے ذریعے پاکستانی نوجوانوں، بالخصوص پسماندہ طبقات سے تعلق رکھنے والوں کو اپنی برادریوں میں تبدیلی کی قیادت کا موقع فراہم کیا ہے۔ جوشوا دلاور ادارہ تعلیم و آگاہی (آئی ٹی اے) سے وابستہ ہیں اور وزیرِ اعظم یوتھ پروگرام کے سابق شرکاء میں شامل ہیں۔ وہ طویل عرصے سے تعلیم اور نوجوانوں کی ترقی کے لیے کام کر رہے ہیں۔ حسن اشرف وزیرِ اعظم کی یوتھ کونسل کے رکن ہیں۔ دانش اور جوشوا کا تعلق نشاط کالونی سے ہے، اور ان کی کامیابی پر پوری برادری فخر محسوس کر رہی ہے۔ اس موقع پر اہلِ علاقہ نے بائیکل کا ایک سوال یاد کیا: "کیا ناصرت سے بھی کوئی اچھی چیز نکل سکتی ہے؟" ان کا کہنا تھا کہ آج اگر کوئی نشاط کالونی کے بارے میں یہی سوال کرے تو اس کا جواب پورے یقین سے "ہاں" ہے۔ اپنے تجربے کے بارے میں جوشوا دلاور نے کہا کہ بادشاہ اور ملکہ سے ملاقات اُن کے لیے بہت بڑا اعزاز تھی۔ وہ دولتِ مشترکہ بھر سے آئی معزز شخصیات اور تبدیلی کے علمبرداروں کے درمیان موجود تھے، اور انہیں فخر تھا کہ ان کے دوست اور بھائی دانش سہیل ان کے ساتھ تھے۔





بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 1

معاملات: مقررہ رہنما اصولوں سے آگے کلینیکل فیصلے تھا، جس میں طبی ماہرین نے چھاتی کے سرطان کی تشخیص اور علاج سے متعلق پیچیدہ طبی صورت حال، جدید طبی معلومات اور مریضوں کی انفرادی ضروریات کے مطابق علاج کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا آگاہی واک کے ذریعے خواتین اور عام شہریوں کو چھاتی کے سرطان کی ممکنہ علامات، بروقت طبی معائنے اور ابتدائی تشخیص کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر اس بات پر زور دیا گیا کہ بروقت تشخیص اور مناسب علاج سے مریضوں کے علاج کے نتائج بہتر بنانے میں مدد مل سکتی ہے سمپوزیم میں شواہد پر مبنی طبی فیصلوں، مختلف شعبوں کے ماہرین کے باہمی تعاون اور مسلسل طبی تعلیم کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا تقریب کا بنیادی پیغام یہ تھا کہ چھاتی کے سرطان کے خلاف مؤثر جدوجہد کے لیے آگاہی، بروقت تشخیص، معیاری علاج اور مریضوں کی جذباتی معاونت ناگزیر ہیں۔ جے پی ایم سی میں اس اقدام کا مقصد معاشرے میں چھاتی کے سرطان سے متعلق شعور کو فروغ دینا اور اس مرض سے متاثرہ خواتین کی بہتر رہنمائی کرنا ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 2

زہریلی دوا پی کر خودکشی کی کوشش کی، جس کے نتیجے میں باپ اور چاروں بچیاں بے ہوش ہوگئیں۔ اطلاع ملنے پر گاؤں والوں نے متاثرہ خاندان کو فوری طور پر رورل ہیلتھ سینٹر ڈھورو نارو منتقل کیا، جہاں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد تشویشناک حالت کے باعث مزید علاج کے لیے حیدرآباد ریفر کردیا گیا۔ متاثرہ بچیوں میں سات سالہ جمنا، پانچ سالہ لیلا، چار سالہ پوپلی اور دو سالہ وجیے شامل ہیں۔ اہل خانہ کے مطابق دو ماہ قبل گھیمچند کولہی کی بیوی بھری کولہی مبینہ طور پر وزیر ولد پوپٹ اوڈ کے ساتھ پسند کی شادی کر کے اپنے شوہر اور چار بیٹیوں کو چھوڑ کر چلی گئی تھی۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ اس واقعے کے صدمے اور گھریلو پریشانیوں کے باعث گھیمچند نے یہ انتہائی قدم اٹھایا۔ واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی لہر دوڑ گئی، جبکہ باپ اور چار معصوم بچیوں کی حالت کے حوالے سے اہل خانہ اور علاقہ مکین سخت پریشان ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 3

فورم میں متعلقہ اسٹیک ہولڈرز، مقامی شہریوں، اساتذہ، ہیلتھ پروفیشنلز، بلدیاتی نمائندوں اور سول سوسائٹی کے ارکان سمیت شرکاء کی ایک بڑی تعداد نے حصہ لیا۔ شرکاء نے کھل کر اپنے تجربات کا تبادلہ کیا، خدمات کی فراہمی میں درپیش چیلنجز کی نشاندہی کی اور ان امور پر بات چیت کی جن پر حکومت کی فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ فورم کے دوران صحت کی سہولیات کی دستیابی اور معیار، سرکاری اسکولوں میں اساتذہ کی حاضری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی، اور پینے کے صاف پانی، صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور کچرا اٹھانے لگانے کی خدمات تک رسائی جیسے موضوعات پر تفصیلی بحث کی گئی۔ اس بحث کی روشنی میں شرکاء نے 'کمیونٹی اسکور کارڈ' کے ذریعے ان خدمات کا جائزہ لیا اور 1 سے 5 کے اسکیل (پیمانے) پر اپنی اجتماعی رائے ریکارڈ کی۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 4

ڈویژن کنری مقرر کر دیا گیا جنہوں نے اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر باقاعدہ طور پر کام کا آغاز کر دیا ہے عوامی حلقوں کی جانب سے تقرری کا خیر مقدم۔ تفصیلات کے مطابق حیسکو سب ڈویژن کنری میں بطور لائن سپرنٹنڈنٹ (ایل ایس ون) خدمات انجام دینے والے علی گل بھمبھرو کو ایس ڈی او حیسکو کنری کی ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں۔ انہوں نے عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد اپنے فرائض کی ادائیگی شروع کردی ہے۔ سیاسی، سماجی، کاروباری اور عوامی حلقوں نے علی گل بھمبھرو کی بطور ایس ڈی او حیسکو کنری تقرری کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہیں مقامی سطح پر بجلی کی فراہمی اور صارفین کو درپیش مسائل کے حوالے سے تجربہ حاصل ہے، انہیں امید ہے کہ نئے ایس ڈی او اپنی تمام تر صلاحیتوں اور پیشہ ورانہ تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے صارفین کو درپیش مشکلات کے ازالے، بجلی کی بہتر فراہمی اور شکایات کے بروقت حل کو یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کریں گے۔ عوامی حلقوں نے مزید توقع ظاہر کی کہ علی گل بھمبھرو حیسکو سب ڈویژن کنری کے انتظامی امور کو بہتر بنانے، لائن لاسز میں کمی لانے، بجلی کے بلوں کی ریکوری کے نظام کو مستحکم کرنے اور صارفین کے ساتھ بہتر روابط قائم کرنے پر خصوصی توجہ دیں گے، تاکہ ادارے کی کارکردگی کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور شہریوں کو ریلیف فراہم ہو۔ شہریوں نے امید ظاہر کی کہ نئے ایس ڈی او کی قیادت میں حیسکو کنری عوامی توقعات پر پورا اترے گا اور بجلی سے متعلق شکایات کے حل کے لیے ایک مؤثر اور فعال نظام قائم کیا جائے گا۔ اس موقع پر نئے ایس ڈی او حیسکو کنری علی گل بھمبھرو نے اپنی تقرری پر مبارکباد دینے والے تمام افراد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کریں گے اور صارفین کو درپیش مسائل کے حل کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لانے کی کوشش کریں گے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 5

پر پہنچ گئے، جس کے بعد مبینہ انتقامی کارروائی کرتے ہوئے پ پ ٹ الف رہنما اور پرائمری استاد اعظم خان ہزاروی کو معطل کر دیا گیا پ پ ٹ الف رہنما اعظم خان ہزاروی نے شمس الدین پنہور، پیر انو منگریو اور دیگر مرد و خواتین اساتذہ کے ہمراہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ اقراء گرلز پرائمری اسکول میں تعینات ہیڈ مسٹریس شبنم ناز خواتین اساتذہ کو مختلف طریقوں سے ہراساں کرتی رہتی ہیں انہوں نے بتایا کہ چند روز قبل اسکول اسپیسفک بجٹ کے کاموں کے سلسلے میں کراچی سے ایک ٹیم اسکول پہنچی جہاں مبینہ طور پر خود کو ایڈیشنل سیکریٹری کہلوانے والے نوید چانڈیو نے ہیڈ مسٹریس کے کہنے پر خواتین اساتذہ کے ساتھ بدتمیزی کی اطلاع ملنے پر وہ موقع پر پہنچے اور مذکورہ شخص سے ملاقات کر کے خواتین اساتذہ کے ساتھ بدتمیزی کی وجہ دریافت کی جس پر ان کے بقول نوید چانڈیو نے معذرت کی اعظم خان ہزاروی نے مزید الزام عائد کیا کہ بعد ازاں ایڈیشنل سیکریٹری کی جانب سے ایک لیٹر جاری کر کے انہیں معطل کر دیا گیا تاہم معطلی کے حکم نامے میں کوئی وجہ بیان نہیں کی گئی اس موقع پر اسکول کی خواتین اساتذہ شازیہ شفیع اور ثمینہ ناز نے بھی شکایت کی کہ ہیڈ مسٹریس شبنم ناز انہیں مختلف طریقوں سے ہراساں کرتی رہتی ہیں اور انہیں اسکول سے ریلیو بھی کردیا گیا ہے انہوں نے الزام عائد کیا کہ ہیڈ مسٹریس کے رویے کے باعث طلبہ کے والدین بھی پریشان ہیں اور متعدد بچے اسکول چھوڑ چکے ہیں پریس کانفرنس کے دوران پ پ ٹ الف رہنماؤں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ معاملے کی شفاف اور غیر جانب دارانہ تحقیقات کرائی جائیں ہیڈ مسٹریس کو فوری طور پر مذکورہ اسکول سے تبدیل کیا جائے اور اعظم خان ہزاروی کی معطلی کا حکم نامہ واپس لیا جائے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 6

ورکنگ ہیڈ کانسٹیبلز کو مقدمات کی معیاری کیس فائلز کی تیاری، شواہد کی مؤثر جمع آوری، قانونی تقاضوں کی تکمیل اور مقدمات کی عدالتوں میں مؤثر پیروی کے حوالے سے رہنمائی فراہم کی گئی، تاکہ ملزمان کو قانون کے مطابق سزائیں دلوانے کے عمل کو مؤثر بنایا جا سکے۔ خصوصی طور پر صنفی بنیادوں پر تشدد (GBV)، منشیات اور گٹکا وماوا ایکٹ کے تحت درج ہونے والی ایف آئی آرز کی تفتیش، متعلقہ قانونی تقاضوں کی تکمیل اور مقدمات کی مؤثر پیروی کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی گئی۔ تربیتی سیشن کا مقصد تفتیشی عمل میں بہتری لانا، پولیس اور استغاثہ کے مابین مؤثر رابطہ کاری کو فروغ دینا اور مقدمات کی قانونی بنیادوں پر مؤثر پیروی کو یقینی بنانا تھا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 7

نے 27 رنز اسکور کیے لاروش کرکٹ کلب کے علی شنواری اور علی حسن نے تین تین اور راؤ وقار نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا لاروش کرکٹ کلب نے اپنا مطلوبہ ہدف علی حسن کی شاندار سنچری کی بدولت 38.4 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر پورا کرلیا علی حسن نے آٹھ چوکوں اور چھ چھکوں کی مدد سے 91 گیندوں پر شاندار سنچری 110 رنز اسکور کیے علی حیدر نے 38 رنز عادل علی نے 35 رنز اور حمزہ سرور نے 34 رنز اسکور کیے داؤد اسپورٹس کی جانب سے طلحہ وقار اور عبدالرحمن نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ میڈیا کوآرڈینیٹر کاشف احمد فاروقی، ایمپائرنگ کے فرائض شکیل احمد اور زاہد اقبال نے سرانجام دیئے جبکہ محمد احسن آفیشل اسکورر تھے

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 8

بساتے ہیں۔ ایسے ہی ایک ہیرے کا نام ہے ایس ایس پی خیرپور کیپٹن (ر) امیر سعود مگسی صاحب کیپٹن صاحب نے وردی کو صرف نوکری نہیں، عبادت سمجھ کر پہنا ہے۔ ان کی مسکراہٹ میں شفقت ہے، آنکھوں میں انصاف کا جذبہ ہے اور دل میں خیرپور کے ہر شہری کے لیے محبت ہے۔ ان کی قیادت میں خیرپور پولیس نے جو کارنامے انجام دیے ہیں وہ تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جائیں گے ضلع خیرپور میں 112 پولیس مقابلے، 246 خطرناک ملزمان گرفتار۔ کوئی سوچ بھی نہیں سکتا تھا کہ اتنے کم عرصے میں 61 جرائم پیشہ گروہ بے نقاب ہوں گے اور 128 اشتہاری ملزمان جو سالوں سے قانون کو چکمہ دے رہے تھے وہ سلاخوں کے پیچھے ہوں گے۔ ڈکیتی کی 37 اور چھینا جھپٹی کی 41 وارداتوں کا سراغ لگانا معمولی بات نہیں ضلع خیرپور میں ہماری نوجوان نسل کو تباہ کرنے والے زہر کے خلاف کیپٹن صاحب نے اعلان جنگ کیا۔ 248 کلو گرام منشیات برآمد، 93 موت کے سوداگروں کی گرفتاری۔ یہ خیرپور کے ہر ماں باپ کے دل کی آواز ہے سب سے میٹھی اور پیاری بات یہ ہے کہ ایس ایس پی صاحب نے تھانے کی دہلیز کو عوام کے لیے آسان کردیا۔ 712 شکایات آئیں اور 638 کا موقع پر ہی ازالہ ہوگیا۔ 90 فیصد لوگوں کو انصاف ان کی دہلیز پر ملا۔ یہی تو اصل پولیسنگ ہے کیپٹن امیر سعود مگسی صاحب نہ صرف ایک بہادر پولیس آفیسر ہیں بلکہ ایک شفیق بھائی، ایک ہمدرد دوست اور ایک سچے رہنما ہیں۔ وہ راتوں کو جاگ کر خیرپور کی گلیوں کی حفاظت کرتے ہیں تاکہ ہماری مائیں بہنیں سکون سے سو سکیں۔ عوام کا اعتماد، خیرپور پولیس کی پہچان ایس ایس پی خیرپور کا عزم، پرامن ضلع خیرپور

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 9

بہن بھائیوں نے پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے پولیس پر گھر پر چڑھائی، اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بنانے، رقم لے جانے اور جھوٹے مقدمے میں پھنسانے کے الزامات عائد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جمشید بھٹی نے الزام عائد کیا کہ چند روز قبل مہران تھانے کے ایس ایچ او وحید بخش رانجھانی اور اے ایس آئی عباس علی عباسی دیگر پولیس اہلکاروں کے ہمراہ ان کے گھر میں داخل ہوئے اور ان کے والد طارق بھٹی جو خود پولیس اہلکار ہیں، کو گرفتار کرلیا جمشید بھٹی کے مطابق جب انہوں نے پولیس اہلکاروں سے گرفتاری کی وجہ دریافت کی تو انہیں بھی تشدد کا نشانہ بنا کر والد کے ہمراہ گرفتار کرلیا گیا انہوں نے دعویٰ کیا کہ پولیس اہلکار گھر سے ایک لاکھ 80 ہزار روپے بھی لے گئے جو ان کی والدہ نے اپنے زیورات فروخت کر کے کینسر کے علاج کے لیے جمع کیے تھے ان کا کہنا تھا کہ ان کے والد کراچی میں ڈیوٹی انجام دیتے ہیں اور اہلیہ کے علاج کے سلسلے میں میرپور خاص آئے ہوئے تھے جمشید بھٹی نے مزید الزام عائد کیا کہ چند روز قبل اے ایس آئی عباس علی عباسی کے بیٹے اور ان کے بھائی کے درمیان معمولی جھگڑا ہوا تھا جس کے بعد انہیں سبق سکھانے کی دھمکی دی گئی تھی ان کے بقول اسی رنجش کی بنیاد پر انہیں اور ان کے والد کو سفینہ گٹکے کے دو کٹے رکھنے کے الزام میں مقدمے میں نامزد کیا گیا پریس کانفرنس کے دوران جمشید بھٹی نے قرآن پاک ہاتھ میں اٹھا کر قسم کھاتے ہوئے کہا کہ ان کے گھر سے سفینہ گٹکے کا ایک پیکٹ تک برآمد نہیں ہوا انہوں نے بتایا کہ مقدمہ درج ہونے کے بعد انہیں جیل بھیج دیا گیا جہاں ایک قیدی کے ذریعے ان پر تشدد کرایا گیا اور انہیں ایسی کوٹھڑی میں رکھا گیا جہاں بیٹھنے کی جگہ بھی مناسب طور پر موجود نہیں تھی انہوں نے مزید دعویٰ کیا کہ بیرک تبدیل کرنے کے لیے ان سے 2 لاکھ 20 ہزار روپے وصول کیے گئے جمشید بھٹی کا کہنا تھا کہ وہ گریجویشن کر رہے ہیں اور ان کے خلاف مبینہ جھوٹا مقدمہ درج ہونے سے ان کے مستقبل کو نقصان پہنچا ہے جمشید بھٹی اور ان کے اہل خانہ نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ، صوبائی وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار اور آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو سے مطالبہ کیا کہ واقعے کی شفاف

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 10

تھے، ایسے سیاستدانوں کو آج دوسروں پر انگلیاں اٹھانا زیب نہیں دیتا، سیاسی اختلاف اپنی جگہ، لیکن غیر شائستہ زبان اور الزام تراشی کے بجائے دلائل اور حقائق کی بنیاد پر بات ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ بعض سیاسی رہنماؤں کو آج سابق فاٹا کے اضلاع کے وسائل کے معاملے پر بہت تشویش ہو رہی ہے، جب کئی سال تک سابق فاٹا کے اضلاع کو ان کا جائز حصہ نہیں مل رہا تھا تو اس وقت یہ لوگ خاموش کیوں تھے؟ اس وقت انہیں سابق فاٹا کے عوام کے حقوق کے لیے کوئی بیان دینا کیوں یاد نہیں آیا؟ وزیر داخلہ نے کہا کہ سابق فاٹا کے عوام کے حقوق اور وسائل کا معاملہ سیاسی مفادات سے بالاتر ہونا چاہیے، خیبر پختونخوا اس وقت سنگین سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا کر رہا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ سیاسی رہنما آگ بھڑکانے اور انتشار پھیلانے کے بجائے امن وامان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اپنا کردار ادا کریں، خیبر پختونخوا کو اس وقت سیاسی محاذ آرائی نہیں بلکہ امن، استحکام اور مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 11

اشرف مغل کو مبارک باد پیش کی۔ ملاقات میں دونوں ممالک کے درمیان کاروباری تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کرنے کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 12

2026 تک 18 لاکھ 71 ہزار سے زائد نوجوان روزگار کے لیے بیرون ملک جا چکے ہیں، جو ملک میں روزگار کے مواقع کی کمی اور حکومتی پالیسیوں کی ناکامی پر سوالیہ نشان ہے۔ 16 اکتوبر کو جاری بیان میں حلیم عادل شیخ نے کہا کہ گزشتہ تین سال کے دوران نوجوانوں کے لیے روزگار کے مؤثر مواقع پیدا کرنے اور ان کا مستقبل محفوظ بنانے کے لیے کوئی جامع پالیسی متعارف نہیں کرائی جا سکی۔ نوجوانوں کو ڈگریاں تو مل رہی ہیں، لیکن انہیں اپنی قابلیت کے مطابق روزگار نہیں مل رہا، جس کے باعث اعلیٰ تعلیم یافتہ افراد بیرون ملک مستقبل تلاش کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، انجینئرز اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے ماہرین سمیت ملک کا قیمتی انسانی سرمایہ بیرون ملک منتقل ہو رہا ہے، جو پاکستان کی معیشت اور مستقبل کے لیے تشویش ناک ہے۔ اگر قابل اور تعلیم یافتہ نوجوان ملک میں اپنا مستقبل محفوظ نہیں سمجھتے تو ترقی کا خواب کیسے پورا ہوگا؟ صدر پی ٹی آئی سندھ نے کہا کہ مہنگائی، بے روزگاری اور معاشی بدحالی نے نوجوانوں کی امیدیں کمزور کردی ہیں۔ حکمرانوں کو بتانا چاہیے کہ نوجوانوں کو ملک میں روزگار فراہم کرنے کے لیے اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں۔ نوجوان کسی بھی ملک کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں، لیکن ناقص پالیسیوں کے باعث یہی سرمایہ بیرون ملک منتقل ہو رہا ہے۔ حلیم عادل شیخ نے مطالبہ کیا کہ نوجوانوں کو بیرون ملک جانے پر مجبور کرنے کے بجائے پاکستان میں باعزت روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، میرٹ کو فروغ دیا جائے اور تعلیم یافتہ نوجوانوں کے لیے جامع روزگار پالیسی تشکیل دی جائے تاکہ ان کی صلاحیتوں سے ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے فائدہ اٹھایا جاسکے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 13

یونیورسٹی میں اصحاب صفہ کو کائنات کے امام محمد ﷺ پڑھایا کرتے تھے۔ وہی تعلیم قرآن وحدیث اور علوم آسمانی کا پرتو بنی اس اسلامک یونیورسٹی کے بعد 859 میں القرویین یونیورسٹی اس وقت کے امیر ترین تاجر محمد الفہری کی دو جواں سال بیٹیوں نے اپنے والد کی چھوڑی ہوئی خطیر رقم جو وفات کے بعد چھوڑ گئے تھے کو مسجد و مدرسہ بنانے پر خرچ کیا ان خیالات کا اظہار جماعت غرباء اہل حدیث پاکستان کے مرکزی امیر مولانا حافظ عبدالرحمن سلفی نے جماعت کے مرکزی میڈیا ترجمان عبدالرحمن عابد راجپوت سے اپنے مرکزی دفتر میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس دور میں فاس علم کا مرکز جانا جاتا تھا جبکہ الفہری فیملی نے تیونس کے شہر قروین سے شہر فاس میں ہجرت کی تھی، مولانا سلفی نے کہا کہ اشتیاق بیگ نے اپنے آرٹیکل ''آج کی دنیا'' میں دنیا کی پہلی یونیورسٹی جامعہ القرویین کو قرار دیا ہے اس یونیورسٹی میں بڑے بڑے نامی گرامی علماء کرام، فلاسفر تھنکرز اور سائنس دانوں نے تعلیم حاصل کر کے دنیا میں اپنا نام روشن کیا۔ انہوں نے کہا کہ ابن خلدون، ابن رشد، ادریسی اور ابو عمران الفاسی کے علاوہ اس وقت کے پوپ (Sylvester-II) اور دیگر غیر مسلم اسکالرز نے بھی تعلیم کے سنہری اور منفرد تاج اپنے سر کیئے۔ مولانا سلفی نے بتایا کہ عصری جامعات آج سے 300,200 اور 800 سال بعد قائم ہوئیں لیکن دینی اور عصری جامعات کے پہلے چانسلر محمد عربی ﷺ تھے جنہوں نے 1400 سال قبل پہلی اسلامک یونیورسٹی میں معلم انسانیت کے حوالے سے، صحابہ کرام کو تعلیم دی، جس کی تصدیق اسلامی تاریخی اوراق آج بھی تصدیق کرتے ہیں اور روز ابد تک کرتے رہیں گے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 14

واپس لیا جائے، وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کی منتخب حکومت کا تحفظ کیا جائے اور صوبے کے عوام کے جمہوری مینڈیٹ کا احترام یقینی بنایا جائے۔ 16 اکتوبر کو جاری بیان میں رضوان نیازی نے کہا کہ منتخب حکومت کو ہٹانے اور عوامی مینڈیٹ کو کمزور کرنے کی کوششیں جمہوری اصولوں اور آئینی تقاضوں کے منافی ہیں۔ سیاسی مسائل کا حل جبر اور انتقامی کارروائیوں کے بجائے آئین، قانون اور مذاکرات کے ذریعے تلاش کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان سمیت تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔ عمران خان کو ان کے ذاتی معالجین کی نگرانی میں مکمل طبی معائنے اور مناسب علاج کی سہولتیں فراہم کی جائیں اور سیاسی بنیادوں پر گرفتاریوں کا سلسلہ بند کیا جائے۔ رضوان نیازی نے کہا کہ ملک میں بڑھتی ہوئی مہنگائی، بے روزگاری اور قرضوں کے بوجھ نے عام آدمی کی زندگی مشکل بنادی ہے۔ حکومت عوام کو ریلیف فراہم کرنے، روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور معاشی بحران پر قابو پانے کے لیے فوری اور مؤثر اقدامات کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں۔ ملک میں آئین کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی، قانون کی حکمرانی اور عوام کے انتخابی مینڈیٹ کا احترام ناگزیر ہے۔ حکومت عوامی رائے کا احترام کرتے ہوئے شفاف جمہوری عمل کو یقینی بنائے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 15

آزاد خان نے ایس ایس پی ڈسٹرکٹ کیماڑی کے دفتر کا دورہ کیا، جہاں ایس ایس پی کیماڑی نے شاہین فورس کی تعیناتی، کارکردگی، مؤثر گشت اور جرائم کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر شاہین فورس کے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے آزاد خان نے کہا کہ اہلکار بہترین وضع قطع، نظم و ضبط اور اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار برقرار رکھیں اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی اور احترام سے پیش آئیں۔ انہوں نے کہا کہ شاہین فورس کی مؤثر کارکردگی کراچی پولیس کی مجموعی کارکردگی کی عکاس ہے۔ ایڈیشنل آئی جی نے پولیس مقابلوں میں زخمی ہونے والے شاہین فورس کے جوانوں سے بھی ملاقات کی، ان کی حوصلہ افزائی کی اور کارکردگی پر شاباش دی۔ انہوں نے کہا کہ شاہین فورس کی کارکردگی، جرائم کی مؤثر روک تھام اور پولیس اہلکاروں کی فلاح و بہبود کو مزید بہتر بنانا ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 16

پوائنٹس کی سطح بھی بحال ہوگئی، تیزی کے سبب 58.28 فیصد حصص کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ حصص کی مالیت میں 83 ارب 72 کروڑ 53 لاکھ 67 ہزار 399 روپے کا اضافہ ہوگیا، نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود میں متوقع اضافے کے خدشات اور خام تیل کی غیر مستحکم قیمتوں سے تجارت وصنعت کو درپیش چیلنجز بھی کیپٹل مارکیٹ پر اثر انداز رہے تاہم سرمایہ کاری کے شعبوں کی جانب سے محتاط انداز میں تازہ سرمایہ کاری سے کاروبار کا گراف بلندی کی جانب گامزن رہا، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 768.66 پوائنٹس کے اضافے سے 166186.17 پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 ہزار 153 ڈالر کی سطح پر مستحکم رہنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعرات کو فی تولہ سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 4 لاکھ 37 ہزار 836 روپے کی سطح پر مستحکم رہی اور فی دس گرام سونے کی قیمت بغیر کسی تبدیلی کے 3 لاکھ 75 ہزار 373 روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔ علاوہ ازیں زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعرات کو بھی ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مضبوط رہا، کاروبار کے اختتام پر ڈالر کی قدر مزید 03 پیسے کی کمی سے 276 روپے 92 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر مزید 02 پیسے کی کمی سے 278 روپے 77 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 17

کینیڈا سے پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ پولیس نے واقعے کی تفتیش شروع کرتے ہوئے ابتدائی طور پر جائیداد کے تنازع یا ذاتی عناد کو قتل کی ممکنہ وجہ قرار دیا ہے۔ ایدھی حکام کے مطابق مقتولین کی میتیں سہراب گوٹھ میں واقع ایدھی سردخانے سے الخدمۃ کے حوالے کی گئیں، جس کے بعد انہیں رہائش گاہ منتقل کیا گیا۔ نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد دونوں کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ ایس آئی او سرسید ٹاؤن خوش نواز ہنانی کے مطابق مقتولین کے بچے کینیڈا سے پاکستان پہنچ گئے ہیں۔ والدین کی تدفین کے بعد ان کے بیانات ریکارڈ کیے جائیں گے، جن کی روشنی میں تفتیش کو آگے بڑھایا جائے گا۔ پولیس افسر نے بتایا کہ ابتدائی تفتیش میں واقعہ ڈکیتی کے دوران مزاحمت کا نتیجہ معلوم نہیں ہوتا، کیونکہ گھر میں لوٹ مار کے شواہد نہیں ملے۔ مقتولین نے اپنا گھر اور دکانیں کرائے پر دے رکھی تھیں، جنہیں خالی کرایا گیا تھا۔ مقتول یامین خان کا ایک موبائل فون بھی غائب ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی مزید تفتیش کے لیے پڑوسیوں، گھر میں کام کرنے والے مزدوروں اور دیگر رشتہ داروں کے بیانات ریکارڈ کیے جائیں گے، جبکہ اطراف میں نصب سی سی ٹی وی کیمروں کی ریکارڈنگ بھی حاصل کی جائے گی۔ پولیس نے واقعے کو جلد حل کرنے اور مقتولین کے بچوں کے بیانات کی روشنی میں تفتیش آگے بڑھانے کا عزم ظاہر کیا ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 18

کاری کے مقدمات میں ملزمہ کی بریت کی درخواست منظور کرتے ہوئے عدم ثبوت کی بنیاد پر بری کرنے اور رہا کرنے کا حکم دے دیا۔ عدالت میں استغاثہ ملزمہ کے خلاف الزامات ثابت کرنے کے لیے شواہد پیش کرنے میں ناکام رہا، جس پر عدالت نے اسے دونوں مقدمات میں بری کردیا۔ عدالتی حکم کے مطابق اگر ملزمہ کسی دوسرے مقدمے میں نامزد نہیں تو اسے فوری رہا کردیا جائے۔ واضح رہے کہ انمول عرف پنکی اب تک پانچ مقدمات میں بری ہوچکی ہے۔ اس کے خلاف 2018 میں انسداد دہشت گردی کے محکمے میں بھی مقدمہ درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 19

متاثر رہی۔ ریلوے انتظامیہ کے مطابق حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ واقعے کے بعد متاثرہ بوگی کو پٹری سے ہٹانے اور ریلوے ٹریک کی بحالی کے لیے روہڑی سے بھاری مشینری طلب کرلی گئی۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے سکھر فرمان غنی بھی جائے حادثہ پر پہنچے اور ٹریک سمیت متاثرہ بوگی کا معائنہ کیا۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثہ معمولی نوعیت کا تھا، تاہم اس کے باعث ٹرینوں کی آمد و رفت متاثر ہوئی۔ متاثرہ بوگی کو الگ کرنے اور ضروری کارروائی کے بعد ملت ایکسپریس کو منزل کی جانب روانہ کردیا گیا۔ واضح رہے کہ حادثے کا شکار ملت ایکسپریس کا افتتاح گزشتہ روز ہی کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 20

تاہم ہم پرامن اور آئینی جدوجہد پر یقین رکھتے ہیں اور مذاکرات کے لیے بھی تیار ہیں۔ دوسری جانب گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے خلاف دائر آئینی درخواستیں پشاور ہائیکورٹ نے 20 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر کردی ہیں۔ پشاور ہائیکورٹ میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے محمود خان اچکزئی نے کہا کہ وہ خیبر پختونخوا کے عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے لیے آئے ہیں کیونکہ ان کے بقول وفاقی حکومت نے غیر آئینی اقدام کرتے ہوئے صوبے کی منتخب حکومت ختم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشاور ہائیکورٹ اس لیے آئے ہیں کہ صوبے کے چار کروڑ عوام کی منتخب حکومت ختم کردی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف نے نشستیں جیتیں، لیکن حکومت کسی اور کو دے دی گئی، ارکان اسمبلی کو نااہل کیا گیا اور انتخابی عمل پر بھی سنگین اعتراضات سامنے آئے۔ محمود خان اچکزئی نے کہا کہ کسی ملک میں قیدی سے ملاقات پر پابندی نہیں ہونی چاہیے، بانی پی ٹی آئی کو معاہدے پر مجبور کیا جارہا ہے اور ماضی میں بھی نواز شریف اور بے نظیر بھٹو کے ساتھ ایسا ہی طرز عمل اختیار کیا گیا۔ ان کے بقول آج مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی حکومت میں بھی وہی کچھ ہو رہا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ خیبر پختونخوا کے منتخب وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی کہاں ہیں، ان کے بارے میں بتایا جائے کیونکہ یہ ان کا آئینی حق ہے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ صوبائی وزراء، ارکان اسمبلی اور کارکنوں کے غائب ہونے کے واقعات بھی تشویش ناک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ وقت خاموش بیٹھنے کا نہیں بلکہ عوام کے حقوق اور آئینی تحفظ کے لیے کھڑے ہونے کا ہے کہ ہم کسی کو پتھر نہیں ماریں گے اور نہ ہی تشدد کا راستہ اختیار کریں گے بلکہ پرامن جدوجہد کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت مذاکرات کی بات کرتی ہے تو ہم بھی مذاکرات کے لیے تیار ہیں، پالیسی پارلیمنٹ میں بننی چاہیے اور تمام اداروں کو اپنی آئینی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے۔ اپوزیشن لیڈر نے بتایا کہ مذاکرات کی پیشکش کے جواب میں اپنے مطالبات سامنے رکھ دیے ہیں، جن میں آئین کی بالادستی، متنازع ترامیم کی واپسی، پارلیمنٹ کو طاقت کا حقیقی سرچشمہ بنانا اور شفاف انتخابات کے لیے آزاد کمیشن کا قیام شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک پارلیمنٹ کو فیصلہ سازی کا اصل مرکز نہیں بنایا جاتا، ملک کے مسائل حل نہیں ہو سکتے۔ تمام اپوزیشن جماعتوں سے رابطے جاری ہیں اور آل پارٹیز کانفرنس میں سب کو دعوت دی جائے گی۔ محمود خان اچکزئی نے خیبر پختونخوا کے قدرتی وسائل کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ معدنیات پر پہلا حق صوبے کے عوام کا ہے اور سیاسی اختلافات سے بالاتر ہو کر وطن کے تحفظ اور عوام کے حقوق کے لیے سب کو متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فاٹا کو خیبر پختونخوا میں ضم کرنے کا فیصلہ ایک منٹ میں کرلیا گیا تھا، اس لیے قومی اہمیت کے معاملات میں آئینی اور جمہوری طریقہ کار اختیار کیا جانا چاہیے۔ بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ اختر مینگل نے کہا کہ جو لوگ خود کو آئین کا خالق کہتے ہیں، وہی آئین کی دھجیاں اڑا رہے ہیں۔ ان کے بقول خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کر کے پورے صوبے پر دہشت گردی کا الزام عائد کیا جارہا ہے، حالانکہ بلوچستان میں بھی طویل عرصے سے دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں، لیکن وہاں حالات بہتر ہونے کے بجائے پورا صوبہ بدامنی کی لپیٹ میں ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ کیا ایسے اقدامات سے مسائل حل ہو سکتے ہیں؟ اختر مینگل نے دعویٰ کیا کہ خیبر پختونخوا کے منتخب وزیر اعلیٰ کو اٹھایا گیا ہے جبکہ اسپیکر اور وزرا کے غائب ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آرہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فارم 47 کے ذریعے آنے والے افراد ایوانوں میں بیٹھے ہیں اور ایسا نظام زیادہ دیر نہیں چل سکتا۔ اپوزیشن لیڈر سینیٹ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ملک میں لاقانونیت عروج پر ہے اور حکمرانوں سے نظام نہیں چل رہا تو انہوں نے ایک صوبے پر قبضہ کرلیا ہے۔ ان کے بقول حکومتی وزرا بھی نظام کی ناکامی کا اعتراف کر چکے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ مینڈیٹ چوری کرنے والے اعتراضات اور احتجاج کی آواز دبانا چاہتے ہیں۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے غربت میں اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ملک کی موجودہ صورت حال پر خاموش رہنا پاکستان سے محبت کے تقاضوں کے منافی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حالات جیسے بھی ہوں، وہ اپنے مؤقف اور جدوجہد پر قائم رہیں گے۔ دوسری جانب خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کو پشاور ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے والی درخواستیں 20 اکتوبر کو سماعت کے لیے مقرر کردی گئی ہیں۔ چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے اپنی درخواست میں 11 اکتوبر 2026ء کے اقدام کو غیر آئینی قرار دیتے ہوئے اسے کالعدم کرنے کی استدعا کی ہے۔ بیرسٹر گوہر علی خان کے مطابق ہائیکورٹ سے رجوع کرنے کے بعد ضرورت پڑنے پر معاملہ وفاقی آئینی عدالت میں بھی لے جایا جائے گا۔ ان کے مطابق آئینی عدالت میں براہ راست درخواست دائر کرنے کا راستہ بھی موجود ہے، تاہم پہلے ہائیکورٹ سے رجوع کرنا بہتر سمجھا گیا ہے۔ اپوزیشن رہنماؤں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ آئین کی بالادستی، عوامی مینڈیٹ کے تحفظ، صوبائی حقوق اور جمہوری اداروں کی خودمختاری کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 21

ایک موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہوگیا۔ جاں بحق افراد کی لاشیں اور زخمی کو طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ بعض متوفین کی شناخت نہیں ہوسکی۔ شہید ملت روڈ پر ہل پارک کے قریب کار، رکشے اور موٹر سائیکل کے درمیان تصادم کے نتیجے میں رکشہ ڈرائیور جاں بحق اور موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہوگیا۔ چھیپا حکام کے مطابق امدادی ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاش اور زخمی کو جناح اسپتال منتقل کیا۔ زخمی کی شناخت فرقان کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ جاں بحق رکشہ ڈرائیور کی شناخت کا عمل جاری ہے۔ دوسری جانب ڈیفنس فیز فور میں خیابان اتحاد سگنل کے قریب نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 20 سالہ عبدالحمید جاں بحق ہوگیا۔ چھیپا حکام کے مطابق متوفی کی لاش جناح اسپتال منتقل کردی گئی، جبکہ پولیس حادثے کی مزید تحقیقات کررہی ہے۔ ادھر پورٹ قاسم ٹریلر پارکنگ ایریا کے قریب بھی ٹریفک حادثے میں ایک نوجوان جاں بحق ہوگیا۔ ایدھی حکام کے مطابق متوفی راہگیر تھا اور اس کی عمر تقریباً 22 سال بتائی جاتی ہے۔ نامعلوم گاڑی کی ٹکر سے پیش آنے والے اس حادثے میں جاں بحق نوجوان کی شناخت نہیں ہوسکی۔ لاش کو جناح اسپتال منتقل کردیا گیا، جبکہ پولیس متوفی کی شناخت اور حادثے کی وجوہات معلوم کررہی ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 22

میں مصروف ہے، جبکہ امدادی کارروائی کے دوران کمپنی کا فائر مین اسد سیڑھی سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ فائر بریگیڈ حکام کے مطابق گودام میں آگ لگنے کی اطلاع ملنے پر ابتدائی طور پر دو فائر ٹینڈرز روانہ کیے گئے تھے، تاہم آگ کی شدت اور پھیلاؤ کے پیش نظر مزید گاڑیاں طلب کرلی گئیں۔ آگ بجھانے کے لیے 7 فائر ٹینڈرز، ایک اسنارکل اور 3 واٹر باؤزر کام کررہے ہیں۔ حکام کے مطابق گودام میں مختلف مقامات پر آگ لگی ہوئی ہے، جہاں کپڑا، دھاگا، گتا اور دیگر سامان موجود ہے۔ فائر آفیسر عارف منصوری کے مطابق آگ پر قابو پانے کے لیے پانی کے ساتھ فوم بھی استعمال کیا جارہا ہے۔ فائر بریگیڈ کے عملے کے مطابق کارروائی کے دوران کمپنی کا فائر مین اسد سیڑھی کے ذریعے اوپر چڑھ رہا تھا کہ اچانک گر کر شدید زخمی ہوگیا۔ آگ بجھانے اور اسے مزید پھیلنے سے روکنے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 23

لیگ (ن) ملک کو بحرانوں سے نکالنے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی اور عوام کے جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے اور ان کے بقول صوبائی حکومت امن وامان برقرار رکھنے میں ناکام رہی، جس کے باعث ہنگامی اقدامات کی ضرورت پیش آئی۔ حاجی شرافت اکاخیل کا کہنا تھا کہ گورنر راج کے ذریعے خیبر پختونخوا میں امن وامان کی صورت حال بہتر بنانے میں مدد ملے گی اور عوام کی جان ومال کا تحفظ یقینی بنایا جاسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امن، استحکام اور شہریوں کا تحفظ ترجیح ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 24

سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی۔ وفاقی سیکریٹری نے KICT، KGTML/KGTL اور SAPTL کے دوروں کے دوران ٹرمینل آپریٹرز سے صلاحیت میں اضافے، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، مجوزہ سرمایہ کاری اور حالیہ ڈریجنگ کے فوائد پر بریفنگ حاصل کی۔ اس موقع پر کارگو کی ترسیل اور بندرگاہ کو اندرون ملک سے ملانے والے رابطوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی سیکریٹری نے ٹرمینلز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے وزارت بحری امور کے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اندرون ملک رابطوں کے منصوبوں اور تجارتی سہولت کاری کے دیگر اقدامات کو آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے اہم برآمدی منڈیوں کے لیے مزید براہ راست بحری سروسز کے قیام اور کراچی بندرگاہ کو علاقائی ٹرانس شپمنٹ مرکز بنانے پر بھی زور دیا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 25

خیبر پختونخوا میں گورنر راج نافذ کر کے حکمرانوں نے اپنا انجام مزید قریب کرلیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت کی جانب سے مذاکرات کے لیے آنے والی ٹیم بے اختیار تھی، جس سے حکومتی سنجیدگی پر سوالات اٹھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مذاکرات کو نتیجہ خیز بنانے کے لیے ضروری ہے کہ حکومتی نمائندوں کے پاس فیصلے کرنے کا اختیار ہو اور وہ سنجیدگی سے بات چیت آگے بڑھائیں۔ ان کے بقول گورنر راج جیسے اقدامات سیاسی مسائل کا حل نہیں بلکہ ان سے سیاسی کشیدگی میں اضافہ ہوگا۔ ڈاکٹر مسرور سیال نے کہا کہ پی ٹی آئی ملک میں جمہوریت اور آئین کی بالادستی کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی اور عوامی طاقت کے ذریعے حکمرانوں کو اپنے فیصلے تبدیل کرنے پر مجبور کرے گی۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 26

زور دیا ہے کہ وہ بجٹ خسارے پر قابو پانے کے لیے قابل اعتماد مالیاتی اقدامات کریں۔ آئی ایم ایف کے مطابق جی سیون ممالک میں 10 سالہ سرکاری بانڈز پر اوسط شرح منافع فروری سے ستمبر کے دوران ایک فیصد سے زیادہ بڑھ گئی، جو تقریباً دو دہائیوں کی بلند ترین سطح ہے۔ تیل کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ، مسلسل مہنگائی، سرمایہ کاری کی بڑھتی ہوئی طلب اور مصنوعی ذہانت سے وابستہ معاشی ترقی کی توقعات نے قرض لینے کی لاگت میں اضافے میں کردار ادا کیا ہے۔ فنڈ کے تخمینے کے مطابق حکومتی قرضوں پر مؤثر اوسط شرح سود 2021 میں 2.3 فیصد تھی، جو 2031 تک بڑھ کر 3.7 فیصد ہوسکتی ہے۔ امریکا میں قرضوں پر سود کی ادائیگیاں وبا سے پہلے مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً 2.8 فیصد کے برابر تھیں، جن کے 2031 تک بڑھ کر 5.7 فیصد ہونے کا امکان ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ کم آمدنی والے ممالک کو قرضوں کی ادائیگی کے حوالے سے زیادہ مشکلات کا سامنا ہے، جہاں حکومتوں کی ٹیکس آمدن کا 15 فیصد سے زیادہ حصہ پہلے ہی قرضوں پر سود ادا کرنے میں خرچ ہو رہا ہے۔ اس صورت حال کے باعث تعلیم، صحت، ترقیاتی منصوبوں اور دیگر عوامی خدمات کے لیے دستیاب وسائل محدود ہو رہے ہیں، جبکہ معاشی بحران کے دوران عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی حکومتی صلاحیت بھی متاثر ہوتی ہے۔ آئی ایم ایف کے مطابق عالمی بنیادی بجٹ خسارہ، جس میں قرضوں پر سود کی ادائیگیاں شامل نہیں ہوتیں، 2026 میں مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً 3.3 فیصد تک پہنچنے کا امکان ہے۔ قرضوں اور قومی پیداوار کے تناسب کو مستحکم رکھنے کے لیے اس خسارے کو کم کر کے تقریباً 2.6 فیصد تک لانا ضروری ہوگا۔ ادارے نے خبردار کیا کہ قرضوں کی مختصر مدت اور پرانے قرضوں کی جلد تجدید کے باعث شرح سود میں اضافہ حکومتی مالیاتی اخراجات پر تیزی سے اثر انداز ہو رہا ہے۔ آئی ایم ایف نے ترقی یافتہ معیشتوں کو قابل اعتماد مالیاتی منصوبے اپنانے اور ابھرتی ہوئی معیشتوں کو قرضوں کے بہتر انتظام پر توجہ دینے کی ہدایت کی ہے۔ آئی ایم ایف کا کہنا ہے کہ مالیاتی اصلاحات میں تاخیر کی صورت میں مستقبل میں بجٹ خسارے اور قرضوں پر قابو پانے کے لیے زیادہ سخت اقدامات کرنا پڑ سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 27

محفوظ ڈرائیونگ اور عوامی شعور اجاگر کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔ مقررین نے کہا کہ انسانی جان قیمتی ہے اور اسے غیر ضروری خطرات سے محفوظ رکھنا ہر فرد، ادارے اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ تقریب کے دوران ''ہم اپنے معاشرے میں چوٹوں اور حادثات سے کیسے بچاؤ کرسکتے ہیں؟'' کے موضوع پر بین الادارہ جاتی مباحثہ بھی ہوا۔ اس موقع پر ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر صابر میمن نے کہا کہ سڑک پر معمولی سی جلد بازی، غیر محتاط ڈرائیونگ، ہیلمٹ اور سیٹ بیلٹ کا استعمال نہ کرنا اور ٹریفک قوانین کو نظرانداز کرنا کسی فرد اور اس کے خاندان کی زندگی پر گہرے اثرات مرتب کرسکتا ہے۔ ٹراما آگاہی ہفتے کے ذریعے عوام میں شعور اجاگر کرنا ایک اہم معاشرتی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ حادثات کی روک تھام کے لیے ٹریفک قوانین کی پابندی، محفوظ رفتار، ڈرائیونگ کے دوران موبائل فون کے استعمال سے گریز اور دوسروں کے حق راستہ کا احترام ضروری ہے۔ ہسپتالوں، ریسکیو اداروں، ٹریفک پولیس، صحت عامہ کے ماہرین اور کمیونٹی کے درمیان مربوط تعاون سے حادثات اور شدید چوٹوں کی روک تھام کی کوششوں کو مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔ ڈاکٹر صابر میمن کے مطابق ٹراما سینٹر کراچی میں روزانہ ساڑھے 550 سے زائد مریض لائے جاتے ہیں، جن میں سے تقریباً 80 فیصد صحت یاب ہوجاتے ہیں۔ ادارے میں حادثات اور شدید چوٹوں سے متاثرہ افراد کو چوبیس گھنٹے ہنگامی طبی سہولیات اور علاج فراہم کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ادارے میں مریضوں کا مفت علاج کیا جاتا ہے، تاہم حادثات کی روک تھام کے لیے عوامی آگاہی اور محفوظ ڈرائیونگ کو معاشرتی رویے کا حصہ بنانا ضروری ہے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پیر محمد شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک قوانین پر عمل کر کے 70 فیصد حادثات سے بچا جاسکتا ہے۔ چند منٹ بچانے کے لیے اپنی یا کسی دوسرے کی جان خطرے میں ڈالنا دانش مندی نہیں۔ محفوظ رفتار، ٹریفک اشاروں کی پابندی اور حفاظتی سامان کا استعمال ایک محفوظ معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مباحثے میں مہمان خصوصی پروفیسر انیس بھٹی، ممبر گورننگ باڈی، ڈاکٹر عابد جلال، چیف آپریٹنگ آفیسر ریسکیو 1122، ڈاکٹر جمیل، سربراہ شعبہ ایمرجنسی ڈاؤ ٹراما ہسپتال، ڈاکٹر مختیار بھیو، عالمی ادارہ صحت سندھ، ڈاکٹر نوشین، ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر جناح پوسٹ گریجویٹ میڈیکل سینٹر، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس علی سواد اور دیگر متعلقہ ماہرین نے بھی شرکت کی اور حادثات سے بچاؤ کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 28

تھے۔ انہوں نے چھوٹے کاروباروں کو درپیش مسائل کے حل اور ان کی ترقی کے لیے حکومت، مالیاتی اداروں اور کاروباری تنظیموں کے مشترکہ اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ صدر آئی سی سی آئی نے کہا کہ توانائی و پیداواری لاگت میں اضافہ، پیچیدہ ٹیکس نظام اور ضابطہ جاتی رکاوٹیں ایس ایم ایز کی ترقی میں مشکلات پیدا کررہی ہیں۔ انہوں نے مقامی صنعت کے فروغ، ویلیو ایڈیشن اور خواتین و نوجوان کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کے لیے سازگار پالیسیوں کی ضرورت پر زور دیا۔ سینئر نائب صدر محمد اشفاق حسین چھٹہ نے کہا کہ ایس ایم ایز کی ترقی کے لیے آسان شرائط پر قرضوں، ورکنگ کیپیٹل اور کاروباری ضروریات کے مطابق مالی سہولتوں کی فراہمی ضروری ہے۔ انہوں نے ٹیکس طریقہ کار آسان بنانے اور اداروں کے درمیان بہتر رابطہ کاری پر بھی زور دیا۔ نائب صدر محمد وقاص خان نے ایس ایم ایز کی مسابقت بڑھانے کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی، ای کامرس اور جدید کاروباری طریقوں کو اپنانے کی اہمیت اجاگر کی۔ انہوں نے کہا کہ تربیت، ڈیجیٹل مہارتوں اور برآمدات سے متعلق رہنمائی کے ذریعے چھوٹے کاروباروں کو عالمی منڈیوں تک رسائی اور بین الاقوامی سپلائی چین کا حصہ بننے کے قابل بنایا جاسکتا ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 29

ٹاؤن حاجی جمیل ضیا نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کی سنگین صورت حال انتہائی تشویش ناک ہے۔ دہشت گردی کی اذیت ان خاندانوں سے پوچھی جائے جن کے پیاروں نے وطن کی حفاظت کے لیے جانوں کے نذرانے پیش کیے۔ پاک فوج اور پولیس کے شہدا کی قربانیاں قوم کبھی فراموش نہیں کرسکتی۔ ایک بیان میں حاجی جمیل ضیا نے کہا کہ پاک فوج ہمارا فخر اور ملکی سلامتی کی مضبوط ضمانت ہے۔ سیاسی اختلافات برداشت کیے جاسکتے ہیں، لیکن افواج پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈا اور بے بنیاد الزامات قبول نہیں۔ پاک فوج سرحدوں کی حفاظت کے ساتھ قدرتی آفات اور امدادی سرگرمیوں میں بھی نمایاں کردار ادا کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام، خواتین، بچوں، بزرگوں اور سیاسی شخصیات نے دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں۔ مزید انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات ناگزیر ہیں۔ صوبے میں امن وامان کی صورت حال کے پیش نظر گورنر راج جیسے غیر معمولی آئینی اقدام سے متعلق فیصلہ سیاسی مفادات کے بجائے عوامی تحفظ اور آئینی تقاضوں کو مدنظر رکھ کر کیا جانا چاہیے۔ حاجی جمیل ضیا نے مزید کہا کہ دہشت گردی کا خاتمہ کسی سیاسی جماعت کی فتح یا شکست کا معاملہ نہیں بلکہ قومی سلامتی اور عوام کی زندگیوں کا مسئلہ ہے۔ شہدا کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ پوری قوم کو دہشت گردی کے خلاف متحد ہو کر پاک فوج اور سیکیورٹی اداروں کا ساتھ دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 30

اپنا تن، من، دھن پاکستان پر قربان کردیا اور اپنی زندگی ملک وقوم کی خدمت کے لیے وقف کیے رکھی۔ ان کی جدوجہد، قربانی اور وطن سے بے مثال محبت قومی تاریخ کا روشن باب ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے قائد ملت شہید لیاقت علی خان کے 75 ویں یوم شہادت کے موقع پر ''قائد ملت، تیرا احسان ہے'' کے عنوان سے منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مسلم لیگ (ق) کراچی ڈویژن کے صدر محمد جمیل حفیظ خان نے کہا کہ شہید ملت نے تحریک پاکستان کے دوران قائد اعظم محمد علی جناح کے شانہ بشانہ جدوجہد کی اور قیام پاکستان کے بعد پہلے وزیر اعظم کی حیثیت سے اہم قومی ذمہ داریاں ادا کیں۔ انہوں نے پاکستان کو مستحکم اور مضبوط ریاست بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا۔ ان کی سیاسی بصیرت، قومی جذبے اور بے لوث خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ مسلم لیگ (ق) کی مرکزی مجلس عاملہ کے رکن محمد صادق شیخ نے کہا کہ قائد ملت لیاقت علی خان کی زندگی نئی نسل کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے پاکستان کے استحکام اور قومی ترقی کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ زندہ قومیں اپنے اکابرین کی قربانیوں کو یاد رکھتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ق) کے قائدین چوہدری شجاعت حسین، چوہدری سالک حسین اور چوہدری شافع حسین کی قیادت میں شہید ملت کے مشن کو آگے بڑھایا جائے گا۔ نئی نسل کو تحریک پاکستان کے رہنماؤں کی جدوجہد اور قربانیوں سے روشناس کرانا وقت کی اہم ضرورت اور ذمہ داری ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 31

بٹ، نائب صدر محمد ندیم کیانی، ای سی اور جی بی ممبران ڈاکٹر فضل الحق فضلی، کوثر علی شاہ، سیکریٹری جنرل حمزہ خلیل، گروپ چیئرمین راجہ سجاد اختر، گروپ سیکریٹری اسحاق ڈار، ڈپٹی سیکریٹری وقار احمد شیخ، سینئر ممبران چیمبر ندیم خان، شیخ شہزاد، مظہر اکرام، ضرار احتنان، ایگزیکٹو ممبران محمد الیاس ڈار، محمد حمزہ احمد، بلال کوثر بھٹہ سمیت دیگر نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر وفد نے بتایا کہ یونائیٹڈ بزنس گروپ نے اپنے سرپرست اعلیٰ ایس ایم تنویر کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کی صدارت کے لیے نامزد کیا ہے۔ وفد نے جہلم چیمبر کے عہدیداران سے اپیل کی کہ وہ کاروباری برادری کے وسیع تر مفاد میں ایس ایم تنویر کی حمایت کریں۔ جہلم چیمبر کے عہدیداران نے یو بی جی اور ایس ایم تنویر کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ وہ ماضی کی طرح آئندہ بھی یو بی جی کے ساتھ کھڑے رہیں گے۔ ظفر بختاوری نے کہا کہ کاروباری برادری کے اتحاد اور مشترکہ مفادات کے تحفظ کے لیے تمام چیمبرز کا باہمی تعاون ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم تنویر کی نامزدگی کا مقصد کاروباری طبقے کو مؤثر نمائندگی فراہم کرنا اور تاجروں وصنعت کاروں کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر اجاگر کرنا ہے۔ احسن بختاوری نے کہا کہ چیمبرز آف کامرس ملکی معیشت، تجارت اور صنعت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کاروباری برادری کے درمیان مضبوط روابط اور مشترکہ حکمت عملی سے معیشت کو درپیش مسائل کے حل میں مدد مل سکتی ہے۔ ڈاکٹر فضل الحق نے کہا کہ یو بی جی کے ساتھ تعاون کا مقصد تاجروں اور صنعت کاروں کے مسائل کو مؤثر انداز میں اجاگر کرنا ہے۔ کوثر علی شاہ نے کہا کہ یو بی جی کے ساتھ ان کے روابط اور تعاون کا سلسلہ پہلے بھی جاری رہا ہے اور وہ آئندہ بھی گروپ کے ساتھ تعاون برقرار رکھیں گے۔ چوہدری زاہد اقبال نے کہا کہ چیمبرز کے درمیان رابطوں کا فروغ کاروباری برادری کی اجتماعی طاقت میں اضافے کا ذریعہ ہے۔ اظہر اقبال ڈار، نے وفد کی آمد اور مبارکباد پر شکریہ ادا کیا۔ راجہ سجاد اختر نے کہا کہ کاروباری برادری کے اتحاد، ترقی اور مؤثر نمائندگی کے لیے مشترکہ جدوجہد جاری رہنی چاہیے

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 32

قربانیوں کو یاد کیا گیا۔ نوابزادہ لیاقت علی خان یکم اکتوبر 1896ء کو ضلع کرنال، مشرقی پنجاب میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے 1918ء میں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم کے لیے آکسفورڈ یونیورسٹی میں داخلہ لیا۔ 1923ء میں ہندوستان واپسی پر مسلم لیگ میں شمولیت اختیار کی اور 1936ء میں جماعت کے سیکریٹری جنرل مقرر ہوئے۔ وہ قائد اعظم محمد علی جناح کے قریبی ساتھی اور تحریک پاکستان کے اہم رہنماؤں میں شمار ہوتے تھے۔ قیام پاکستان کے بعد لیاقت علی خان ملک کے پہلے وزیر اعظم مقرر ہوئے اور قومی امور کی انجام دہی میں اہم کردار ادا کیا۔ سیاسی بصیرت اور اصول پسندی کے باعث انہیں قائد ملت کے لقب سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ 16 اکتوبر 1951ء کو راولپنڈی کے کمپنی باغ میں ایک جلسے کے دوران انہیں فائرنگ کر کے شہید کردیا گیا۔ ان سے منسوب آخری الفاظ ''خدا پاکستان کی حفاظت کرے'' آج بھی یاد کیے جاتے ہیں۔ ان کی شہادت کے بعد کمپنی باغ کو ان کے نام سے منسوب کر کے لیاقت باغ کا نام دے دیا گیا۔ ان کے قاتل کو موقع پر ہی ایک پولیس افسر نے گولی مار کر ہلاک کردیا تھا، تاہم اس قتل کے محرکات آج تک پوری طرح سامنے نہیں آسکے۔ شہید ملت کو کراچی میں مزار قائد کے احاطے میں سپرد خاک کیا گیا، جہاں وہ ابدی نیند سو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 33

کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق کورنگی نمبر 4 میں پولیس لائن کے کوارٹر میں گیس لیکیج کے باعث گھر میں آگ بھڑک اٹھی، جسے علاقہ مکینوں نے اپنی مدد آپ کے تحت بجھایا۔ واقعے میں 29 سالہ خاتون پولیس کانسٹیبل خدیجہ جھلس کر زخمی ہوگئیں، جنہیں سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق خاتون اہلکار کا جسم 15 فیصد جھلسا ہے۔ دوسری جانب سرجانی ٹاؤن کی کے ڈی اے شیراز سوسائٹی میں گھر کے اندر فائرنگ سے 30 سالہ خاتون امبر زخمی ہوگئیں۔ چھیپا حکام کے مطابق زخمی خاتون کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق دونوں واقعات سے متعلق مزید تفصیلات جمع کی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 34

کے دوران پانچ ملزمان کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ زخمی ملزمان کو طبی امداد کے لیے مختلف اسپتالوں میں منتقل کردیا گیا، جبکہ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، نقد رقم، موبائل فون اور موٹر سائیکلیں برآمد ہوئیں۔ چھیپا ذرائع کے مطابق شاہ لطیف ٹاؤن سیکٹر 16 بی میں کلمہ چوک کے قریب پولیس مقابلے کے دوران 25 سالہ اسامہ ولد شیر والی زخمی ہوگیا، جسے جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ تین ہٹی مزار کے قریب ایک اور مبینہ پولیس مقابلے میں 25 سالہ کامران ولد حسن زخمی ہوا، جسے سول اسپتال پہنچایا گیا۔ دوسری جانب کراچی پولیس کے ترجمان کے مطابق درخشاں پولیس نے خیابان ہلال پر مبینہ مقابلے کے بعد زخمی ملزم جمیل احمد سمیت دو ملزمان کو گرفتار کیا۔ دوسرے ملزم کی شناخت اویس کے نام سے ہوئی۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔ سپر مارکیٹ پولیس نے لیاقت آباد چونا ڈپو کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد حارث اختر کو زخمی حالت میں گرفتار کر کے عباسی شہید اسپتال منتقل کردیا۔ ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون اور نقد رقم برآمد ہوئی۔ ادھر بن قاسم پولیس نے پپری قبرستان کے قریب مبینہ مقابلے کے بعد حفیظ اللہ کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، جسے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے اسلحہ اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 35

سمیت تحریک پاکستان کے تمام سرکردہ رہنماؤں کے ایام سرکاری سطح پر منانے چاہئیں تاکہ نئی نسل ان کی قربانیوں اور خدمات سے آگاہ ہوسکے۔ نیشنل میوزیم آف پاکستان کراچی میں لیاقت علی خان کے 75 ویں یوم شہادت کے موقع پر منعقدہ تصویری نمائش کے دوران ذرائع ابلاغ سے گفتگو کرتے ہوئے اسلم خان فاروقی نے شہید ملت کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ لیاقت علی خان نے تحریک پاکستان اور قیام پاکستان کے بعد ملک کی سالمیت، استحکام اور تعمیر وترقی کے لیے گراں قدر خدمات انجام دیں، جنہیں کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ لیاقت علی خان مدبر سیاست دان، بااصول رہنما اور محب وطن شخصیت تھے، جنہوں نے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر نوزائیدہ مملکت کی بنیادیں مضبوط کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ ان کی دیانت داری، سادگی اور ملک سے مخلصانہ وابستگی سیاسی قیادت کے لیے روشن مثال ہے۔ اسلم خان فاروقی نے کہا کہ یوم شہادت کے موقع پر قوم کو عہد کرنا چاہیے کہ جمہوری اقدار، قومی اتحاد، عدل وانصاف اور فلاحی معاشرے کے قیام کے لیے جدوجہد جاری رکھے گی۔ شہید ملت کی قربانیاں ہمیں یاد دلاتی ہیں کہ وطن کا دفاع اور اس کی ترقی ہر پاکستانی کی اولین ترجیح ہونی چاہیے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 36

اکرام اللہ واحدی نے پشاور میں اسکول کی چھت گرنے کے افسوس ناک واقعے میں 30 سے زائد بچوں کی شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کی شہادت ہر دردِ دل رکھنے والے انسان کے لیے انتہائی افسوس ناک ہے۔ بچے اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمت اور والدین کی آنکھوں کا نور ہیں، ان کا تحفظ ہم سب کی دینی، اخلاقی اور معاشرتی ذمہ داری ہے۔ جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے مفتی اکرام اللہ واحدی نے کہا کہ اسلام انسانی جان کی حرمت اور حفاظت کا درس دیتا ہے۔ تعلیمی اداروں کی عمارتوں کی مضبوطی اور بچوں کی سلامتی ہر صورت یقینی بنائی جانی چاہیے۔ واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور غفلت یا کوتاہی کے مرتکب افراد کو قانون کے مطابق سزا دی جائے تاکہ مستقبل میں ایسے سانحات سے بچا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ والدین اپنی اولاد سے بے پناہ محبت کرتے ہیں اور اولاد کی جدائی کا دکھ ناقابل بیان ہے۔ اسلامی تعلیمات کے مطابق نیک اولاد والدین کے لیے آخرت میں اجر ورحمت کا ذریعہ بنتی ہے۔ موت انسان کو آخرت، قبر کی زندگی اور اپنے اعمال کی جواب دہی کی یاد دلاتی ہے۔ مفتی اکرام اللہ واحدی نے شہید بچوں کے والدین سے تعزیت کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم بچوں کو اپنی رحمت میں جگہ عطا فرمائے، ان کے درجات بلند کرے، والدین کو صبر جمیل عطا فرمائے اور پوری قوم کو انسانی جانوں کی قدر کرنے اور اپنی ذمہ داریاں احسن طریقے سے ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 37

کی فراہمی جاری رہنی چاہیے، جبکہ ہر سطح پر مالی شفافیت اور جواب دہی کو بھی یقینی بنایا جائے۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر نے ہدایت کی کہ صحت کارڈ پروگرام کے مالی معاملات کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے جامع آڈٹ کرایا جائے، تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے کہ عوامی فنڈز مقررہ قواعد وضوابط کے مطابق استعمال ہو رہے ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 38

ذریعے ملک کی ترقی میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے TMUC/MiTE کی مشترکہ تقریب تقسیم اسناد 2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ ڈگری کا حصول صرف طالب علم کی کامیابی نہیں بلکہ والدین کے خوابوں کی تعبیر بھی ہے، جبکہ اس کامیابی میں اساتذہ کی محنت اور رہنمائی کا بھی اہم کردار ہوتا ہے۔ انہوں نے فارغ التحصیل طلبہ وطالبات، ان کے والدین اور اساتذہ کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل معیشت اور کاروباری جدت سے استفادہ کرتے ہوئے پاکستان کے روشن مستقبل کی تعمیر میں حصہ لینا چاہیے۔ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ قائد اعظم محمد علی جناح جیسا عظیم رہنما دنیا میں نہیں ملتا۔ انہوں نے بیماری کے باوجود قیام پاکستان کے لیے دن رات محنت کی۔ پاکستان ہمارے بزرگوں کی جدوجہد اور قربانیوں کا ثمر ہے، جنہوں نے ووٹ کی پرچی پر مہر لگا کر ایک آزاد وطن کے قیام کے حق میں فیصلہ دیا۔ نوجوانوں کو اپنے بزرگوں کی قربانیوں کو یاد رکھتے ہوئے ملک کی ترقی اور خوشحالی کے لیے کام کرنا چاہیے۔ گورنر سندھ نے پاکستان کے جوہری پروگرام کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ذوالفقار علی بھٹو نے اس پروگرام کی بنیاد رکھنے میں اہم کردار ادا کیا، جبکہ بعد میں اس وقت کے وزیر اعظم پاکستان نواز شریف نے بھارت کے پانچ جوہری دھماکوں کے مقابلے میں چھ جوہری دھماکے کیے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم محمد شہباز شریف پنجاب کے بعد سندھ اور اسلام آباد میں بھی دانش اسکول قائم کر رہے ہیں، تاکہ بچوں کو معیاری تعلیم کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ تعلیم کے فروغ اور نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے ایسے اقدامات اہمیت رکھتے ہیں۔ گورنر سندھ نے TMUC اور MiTE کی قیادت، بالخصوص ڈاکٹر فیصل مشتاق اور پروفیسر ڈاکٹر ہما بقائی کی تعلیمی خدمات کو سراہا اور بین الاقوامی جامعات کے ساتھ تعلیمی روابط کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ تقریب میں یونیورسٹی آف ہرٹفورڈ شائر، برطانیہ کے وائس چانسلر پروفیسر انتھونی ووڈمین، یونیورسٹی فار دی کری ایٹو آرٹس کی ڈپٹی وائس چانسلر پروفیسر میلانی گرے، اساتذہ، والدین اور طلبہ وطالبات نے شرکت کی۔ سید محمد نہال ہاشمی نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی تعلیم اور مہارتوں کو ذاتی کامیابی تک محدود نہ رکھیں بلکہ معاشرے کی بہتری، روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے اور پاکستان کا نام روشن کرنے کے لیے استعمال کریں۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی کا اصل معیار ذاتی ترقی کے ساتھ معاشرے کی بہتری میں کردار ادا کرنا ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 39

مالی امداد کی رقم وصول کرسکیں گی۔ اس مہم کا آغاز سندھ ریجن میں تعینات بی آئی ایس پی افسران کے لیے جامع تربیتی سیشنز سے کیا گیا، جن کا مقصد عملے کو ڈیجیٹل والٹس کے استعمال، ادائیگی کی رقم وصول کرنے کے نئے طریقہ کار اور ضروری حفاظتی اقدامات کے حوالے سے تکنیکی معلومات فراہم کرنا ہے، تاکہ افسران مستحق خواتین کی مؤثر رہنمائی کرسکیں۔ سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، کراچی میں منعقدہ افتتاحی تربیتی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے بی آئی ایس پی ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کے ایڈیشنل سیکریٹری، ڈاکٹر عصمت نواز نے کہا کہ مستحق خواتین کو بااختیار بنانا اور عملے کی مکمل تیاری پروگرام کی کامیابی کے لیے نہایت اہم ہے۔ ڈاکٹر عصمت نواز نے کہا کہ نئے نظام پر مؤثر عمل درآمد کے لیے عملے کی جامع تربیت اور مستحق خواتین میں وسیع پیمانے پر آگاہی پیدا کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ون لنک انٹرآپریبلٹی نظام کے ذریعے مستحق خواتین اب مخصوص ادائیگی مراکز تک محدود نہیں رہیں گی، بلکہ وہ ملک کے کسی بھی شہر میں اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی مجاز ریٹیل ایجنٹ سے رقم وصول کرسکیں گی۔ اس سہولت سے سفر کے اخراجات میں کمی آئے گی اور مستحق خواتین کو غیر ضروری مشکلات سے نجات ملے گی۔ مستحق خواتین کے مالی استحصال کے خلاف بی آئی ایس پی کی زیرو ٹالرنس پالیسی کا اعادہ کرتے ہوئے ڈاکٹر عصمت نواز نے واضح کیا کہ ریٹیلرز کی جانب سے کسی بھی قسم کی دھوکہ دہی یا غیر مجاز کٹوتی کی صورت میں فوری قانونی اور انتظامی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 40

دی گئی۔ اجلاس میں کمشنر کراچی سید حسن نقوی، محکمہ خصوصی افراد کی بحالی وبااختیاری سندھ کے سیکریٹری سمیت دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اینکلیو سوسائٹی شاہراہ بھٹو کے ساتھ 175 ایکڑ رقبے پر قائم کی جارہی ہے، جس کے ماسٹر پلان کی سندھ حکومت منظوری دے چکی ہے۔ منصوبے کا مقصد خصوصی افراد کی بحالی، بااختیاری اور بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک مربوط کمیونٹی ماڈل فراہم کرنا ہے۔ چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ نے کہا کہ اینکلیو سوسائٹی منصوبہ خصوصی افراد کی مختلف ضروریات پوری کرنے کے لیے ایک جامع کمیونٹی ماڈل ہے، جہاں انہیں بحالی، بنیادی سہولیات اور دیگر ضروری خدمات ایک ہی جگہ فراہم کرنے کا تصور پیش کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبے کو اس انداز میں ترقی دی جائے کہ خصوصی افراد کے لیے قابل رسائی رہائش اور سہولیات سے آراستہ ماحول فراہم کیا جاسکے۔ چیف سیکریٹری سندھ نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبے کی پیش رفت میں حائل رکاوٹیں دور کی جائیں اور علاقے کو محفوظ بنانے کے لیے باؤنڈری وال کی تعمیر یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے سائٹ سے ملبہ اٹھانے کے کام کو تیز کرنے کی بھی ہدایت کی

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 41

بین الاقوامی معاہدوں کا احترام عالمی استحکام کے لیے ناگزیر ہے اور بین الاقوامی قانون کی اہمیت آج بھی برقرار ہے۔ قریشی نے سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزیوں پر پاکستان کے تحفظات کا ذکر کیا اور کہا کہ جموں وکشمیر کے تنازعے کو اقوام متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ریاستوں کے درمیان تعلقات مساوات اور باہمی احترام کی بنیاد پر ہونے چاہئیں۔ اقوام متحدہ میں اصلاحات کے لیے تمام متعلقہ فریقوں کی آرا کو اہمیت دینا اور وسیع تر عالمی مفادات کو آگے بڑھانا ضروری ہے۔ پاکستانی سفیر نے بین الاقوامی تعاون کو مضبوط بنانے، عالمی مالیاتی نظام میں اصلاحات، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے اور جدید ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ اجلاس کے دوران یورپی پارلیمنٹ کے چیک رکن آندرے ڈوسٹال نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے پاکستان کے مؤقف کی حمایت کی۔ جرمن رکن پارلیمنٹ مائیکل وان ڈیر شولنبرگ نے عالمی برادری پر زور دیا کہ وہ معاہدے پر عمل درآمد اور اس کی پاسداری کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ یہ بحث اپریل 2025 میں پیدا ہونے والی کشیدگی کے تناظر میں ہوئی، جب بھارت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے علاقے پہلگام میں حملے کے بعد سندھ طاس معاہدے کو معطل کرنے کا اعلان کیا تھا۔ پاکستان نے اس اقدام کو مسترد کرتے ہوئے مؤقف اختیار کیا کہ معاہدے کو یک طرفہ طور پر معطل نہیں کیا جاسکتا۔ 1960 کا سندھ طاس معاہدہ، جس میں عالمی بینک نے اہم کردار ادا کیا تھا، پاکستان اور بھارت کے درمیان دریائے سندھ کے آبی نظام کی تقسیم کو منظم کرتا ہے۔ یہ تنازع دونوں ممالک کے درمیان کشیدگی کا ایک اہم سبب بن چکا ہے۔ اسلام آباد نے خبردار کیا ہے کہ پانی کے بہاؤ کو روکنے یا محدود کرنے کی کسی بھی کوشش کے سنگین نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 42

سٹی شراکت داری سے دونوں شہروں کے درمیان باقاعدہ روابط اور تعاون کو فروغ ملے گا۔ شہری منصوبہ بندی، ٹرانسپورٹ، ٹیکنالوجی اور بنیادی ڈھانچے میں تعاون بڑھایا جائے۔ شہر کراچی میں کے سی آر اور ٹیکنالوجی اور آئی ٹی انفراسٹرکچر کے اہم منصوبے جاری ہیں۔ شنگھائی اسمارٹ سٹی منصوبہ بندی میں کراچی کے ساتھ اپنا تجربہ شیئر کرے، مربوط شہری منصوبہ بندی، عوامی ٹرانسپورٹ اور ڈیجیٹل خدمات میں شنگھائی کے تجربے سے استفادہ چاہتے ہیں۔ شہری خدمات کو بہتر بنانے کے لیے ٹیکنالوجی کا استعمال ضروری ہے۔ ٹیکنالوجی شہروں کو زیادہ مؤثر، باہم مربوط اور شہریوں کی ضروریات کے مطابق بنانے میں مددگار ہے۔ شنگھائی کے میئر ژونگ منگ کی کراچی اور شنگھائی کے درمیان مجوزہ تعاون کا خیر مقدم۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا شنگھائی میں ہواوے کے تحقیق وترقی مرکز کا دورہ۔ وزیر اعلیٰ سندھ کو ہواوے کی جدید معلوماتی و مواصلاتی ٹیکنالوجیز میں تحقیق وجدت پر بریفنگ۔ لیان چیو لیک مرکز ہواوے کا دنیا بھر میں سب سے بڑا تحقیق وترقی کا کیمپس ہے۔ ہواوے کے لیان چیو لیک آر اینڈ ڈی مرکز پر 10 ارب یو آن سے زائد کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ ہواوے کا لیان چیو لیک مرکز تقریباً 1600 ہیکٹر رقبے پر محیط ہے، وزیر اعلیٰ سندھ کو بریفنگ۔ ہواوے مرکز میں چپس، وائرلیس نیٹ ورکس، 5G اور 6G ٹیکنالوجیز پر تحقیق جاری ہے۔ کلاؤڈ کمپیوٹنگ، مصنوعی ذہانت اور انٹرنیٹ آف تھنگز پر بھی ہواوے کی تحقیق جاری ہے۔ ہواوے اور سندھ کے درمیان گہری ٹیکنالوجی شراکت داری چاہتے ہیں۔ سندھ اور ہواوے کا تعاون صرف ٹیکنالوجی کی خریداری تک محدود نہیں ہونا چاہیے۔ مشترکہ منصوبے، تحقیق وترقی، استعداد کار اور ٹیکنالوجی منتقلی تعاون کا حصہ ہوں۔ ہواوے کو سندھ میں تحقیق وترقی کی سہولیات اور ٹیکنالوجی لیبارٹریاں قائم کرنے کی دعوت۔ مجوزہ کراچی ایجوکیشن سٹی میں ہواوے کو ٹیکنالوجی لیبارٹری قائم کرنے کی دعوت دیتا ہوں۔ سندھ حکومت اور ہواوے کے درمیان جدید ٹیکنالوجی میں تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ سندھ پہلے ہی ڈیجیٹل طرز حکمرانی کے منصوبوں پر کام کررہا ہے۔ صوبائی ای پورٹل اور کلاؤڈ و ڈیجیٹل تبدیلی کا وسیع ایجنڈا جاری ہے۔ سندھ حکومت کے کلاؤڈ انفراسٹرکچر کی ترقی میں ہواوے کے تعاون کی تجویز۔ ڈیٹا سینٹرز، ڈیزاسٹر ریکوری اور سائبر سیکیورٹی میں ہواوے سے تعاون چاہتے ہیں۔ مصنوعی ذہانت کے لیے کمپیوٹنگ انفراسٹرکچر کی ترقی میں ہواوے سے تعاون کی پیشکش۔ سندھ میں نوجوان آئی ٹی ماہرین کی تعداد بڑھ رہی ہے۔ سندھ ٹیکنالوجی کمپنیوں کے لیے باصلاحیت افرادی قوت اور نئی منڈیوں کا مضبوط مرکز بن سکتا ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 43

آبادی لائبریری میں منعقد ہوئی، جس میں ممتاز ادبی، سماجی اور ثقافتی شخصیات، اہل قلم اور مختلف علمی وادبی خاندانوں کے افراد نے شرکت کی۔ تقریب کی صدارت ممتاز صحافی، شاعر اور ادیب محمود شام نے کی، جبکہ صدر آرٹس کونسل محمد احمد شاہ مہمان خصوصی تھے۔ معروف قانون دان اور سابق وفاقی وزیر قانون بیرسٹر شاہدہ جمیل اور ناول کی نئی اشاعت کے پس منظر میں مرکزی حیثیت رکھنے والی نجم السحر مسعود مہمانان اعزازی میں شامل تھیں۔ ناول کی دوبارہ اشاعت کے پیچھے محبت، یادوں اور خاندانی وابستگی کی ایک دلچسپ داستان ہے۔ کئی دہائیاں قبل سید مسعود شاہ نے اپنی اہلیہ نجم السحر مسعود کو انہی کے نام سے منسوب ناول تحفے میں دیا تھا، جس کے حاشیوں پر انہوں نے اپنے ہاتھ سے محبت بھرے جملے بھی تحریر کیے تھے۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ یادگار نسخہ گم ہوگیا، تاہم برسوں بعد اسے دوبارہ حاصل کرنے کی خواہش نے ایک طویل جستجو کو جنم دیا۔ لکھنؤ میں ان کی عزیزہ حنا بیگ کی کوششوں اور مصنف نسیم انہونوی کے خاندان، بالخصوص ان کی صاحبزادی انجم السحر اور صاحبزادے فہیم انہونوی کے تعاون سے ناول کا ایک قدیم نسخہ دستیاب ہوگیا۔ یہ کتاب لکھنؤ سے دبئی اور پھر کراچی پہنچی، جہاں اسے دوبارہ شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا۔ ناول کی نئی اشاعت میں حمزہ وصی اور ان کے ادارے ابن وصی پرنٹرز اینڈ پبلشرز نے اہم کردار ادا کیا۔ کتاب کی ادبی وتہذیبی شناخت برقرار رکھتے ہوئے اسے نئی نسل کے قارئین کے لیے نئے انداز میں پیش کیا گیا۔ تقریب سے ممتاز ادیبہ ڈاکٹر فاطمہ حسن، اہل قلم اخلاق احمد اور کیپٹن فرید مسعود نے اظہار خیال کیا، جبکہ نظامت کے فرائض عمیر احمد خان نے انجام دیے۔ مقررین نے ناول کی ادبی اہمیت، لکھنؤ کی تہذیبی روایات اور کتاب کی بازیافت کے پس منظر میں موجود محبت وخاندانی وابستگی کو اجاگر کیا۔ تقریب کے انتظامات میں ڈاکٹر فاطمہ حسن، ان کی معاون سمیرا جیلانی اور آرٹس کونسل کی انتظامیہ کی خدمات کو بھی سراہا گیا۔ اس موقع پر معروف مزاح نگار مرحوم مشتاق احمد یوسفی کے خاندان کی نمائندگی کرتے ہوئے ان کی بہو وسیمہ یوسفی سمیت مختلف علمی وادبی خاندانوں کے افراد نے شرکت کی۔ مرچنٹ نیوی کے سینئر اور نوجوان افسران، صحافیوں، ادیبوں اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی موجودگی نے تقریب کو مزید اہمیت دی۔ ناول کی دوبارہ اشاعت کے محرک اور چیئرمین دی نائٹکل انسٹی ٹیوٹ پاکستان برانچ کیپٹن فرید مسعود نے اپنے تاثرات میں کہا کہ یہ محض ایک پرانی کتاب کی بازیافت نہیں، بلکہ ان محبتوں، یادوں اور خاندانی رشتوں کی تجدید ہے جو وقت اور فاصلے کے باوجود قائم رہے۔ انہوں نے اس سفر کو ان الفاظ میں سمیٹا: ''کتاب تو ایک ہی ڈھونڈنے نکلے تھے، مگر راستے میں محبتوں کا پورا خاندان مل گیا۔'' یہ ادبی نشست مرحوم نسیم انہونوی اور سید مسعود شاہ کی یادوں اور لکھنؤ کی شائستہ تہذیبی روایت کو خراج عقیدت پیش کرنے کا ذریعہ بنی۔ ناول ''نجم السحر'' کی نئی اشاعت نے اس حقیقت کو بھی اجاگر کیا کہ بعض کتابیں محض اوراق کا مجموعہ نہیں ہوتیں بلکہ نسلوں کے درمیان رابطے، بچھڑے رشتوں کی پہچان اور محبتوں کی ایسی امانت بن جاتی ہیں جو وقت گزرنے کے باوجود اپنی خوشبو برقرار رکھتی ہیں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 44

مرحلے، ووڈورڈ ٹرافی انڈر 17 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ میں مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگیا۔ زون دو وائٹس نے زون تین وائٹس کو 43 رنز جبکہ زون تین بلوز نے زون پانچ بلوز کو 176 رنز سے شکست دے دی۔ ٹی ایم سی گراؤنڈ پر کھیلے گئے پہلے میچ میں زون دو وائٹس نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 227 رنز بنائے۔ شارق علی نے 12 چوکوں کی مدد سے 85، امان اللہ نے 27 اور اذان احمد نے 23 رنز اسکور کیے۔ بلال حسین نے 23 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ صائم احمد اور تیمور رحمان نے دو، دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں زون تین وائٹس کی ٹیم 184 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ تیمور رحمان نے 5 چوکوں اور 7 چھکوں کی مدد سے 68، سید اسرار نے 32، صغیر احمد نے 21 اور عبدالصمد نے 22 رنز بنائے۔ عبدالصمد نے بولنگ میں بھی عمدہ کارکردگی دکھاتے ہوئے 3 وکٹیں حاصل کیں، جبکہ محمد ندیم نے دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ میچ کے اختتام پر سابق فرسٹ کلاس کرکٹر اظہر گل نے شارق علی کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں زون تین بلوز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 239 رنز بنائے۔ مصطفیٰ علی نے 10 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 110 رنز کی شاندار اننگز کھیلی، جبکہ حمزہ سلیمان نے 36 اور احد عزیز نے 24 رنز بنائے۔ محمد شہباز اور عمر فاروق نے تین، تین وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں زون پانچ بلوز کی ٹیم صرف 63 رنز پر ڈھیر ہوگئی۔ میڈیم پیسر عبدالاحد نے تباہ کن بولنگ کرتے ہوئے 17 رنز دے کر 6 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ میچ کے اختتام پر عبدالمنان نے زون تین بلوز کے مصطفیٰ علی کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 45

(CPS) 2026-2030 کے تحت تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت اقتصادی امور کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق وفاقی وزیر نے پاکستان کے ساتھ ایشیائی ترقیاتی بینک کی دیرینہ شراکت داری کو سراہا۔ انہوں نے بینک کی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹجی 2026-2030 کی منظوری کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے زیادہ مؤثر، اسٹریٹجک اور نتائج پر مبنی شراکت داری کے لیے ایک اہم فریم ورک قرار دیا۔ نجی شعبے کی قیادت میں معاشی ترقی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے وفاقی وزیر نے پاکستان میں ایشیائی ترقیاتی بینک کی غیر خود مختار آپریشنز میں توسیع اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے ملک میں اس کی موجودگی مزید مستحکم بنانے کی ضرورت پر زور دیا، تاکہ سرمایہ کاری کے معاملات میں سہولت فراہم کرنے کے ساتھ سرکاری ونجی شراکت داری کے منصوبوں کی مؤثر تیاری اور پیش رفت ممکن بنائی جاسکے۔ پاکستانی وفد نے سستی ترقیاتی فنانسنگ کی اہمیت اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے قرضوں کے طریقہ کار میں مزید لچک پیدا کرنے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ نجی شعبے کی سرگرمیوں میں توسیع اور پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات کے لیے مسلسل تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے ایم ایل ون ریلوے اپ گریڈیشن منصوبے کو آگے بڑھانے میں ایشیائی ترقیاتی بینک کے قائدانہ کردار کو بھی سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ پاکستان کے ریلوے نظام کو جدید بنانے، علاقائی روابط کو مضبوط کرنے اور ملک کے ٹرانسپورٹ ولاجسٹکس نیٹ ورک میں تبدیلی لانے کے لیے ایک اہم اسٹریٹجک سرمایہ کاری ہے۔ انہوں نے اس اہم منصوبے کے لیے فزیبلٹی اسٹڈی جلد مکمل کرنے اور خریداری کے عمل کا آغاز کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 46

شعبہ ملکی معیشت میں بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ''بجلی کی حفاظت اور آگ سے بچاؤ سے متعلق آگاہی'' سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں آجروں، مزدور نمائندوں اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ محنت اور انسانی وسائل کے مسائل اور مزدوروں کے حقوق کا تحفظ حکومت، صنعت اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ صنعتی حادثات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات ضروری ہیں۔ سعید غنی نے کہا کہ محنت کشوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے قوانین پر عمل درآمد انتہائی اہم ہے۔ ایک محفوظ صنعتی ماحول میں کام کرنے والے مزدوروں کی جان وسلامتی کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے تحفظ کے لیے ضروری ہے کہ ہم سب مل کر اپنا کردار ادا کریں اور صنعتی حادثات سے بچاؤ کے لیے پہلے سے اقدامات کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ سندھ میں کارکنوں کے اندر تحفظ کی آگاہی پیدا کرنے اور محفوظ ماحول نافذ کرنے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ مزدوروں کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے حکومت، صنعت اور متعلقہ اداروں کو مشترکہ طور پر کام کرنا ہوگا تاکہ صنعتی حادثات میں کمی لائی جاسکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ سندھ حکومت محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور صنعتی شعبے میں محفوظ ماحول کو فروغ دینے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 47

کے بعد دوران علاج دم توڑ گیا، جبکہ اس کا ساتھی فرار ہوگیا۔ پولیس کے مطابق ہلاک ملزم نے شاہ لطیف ٹاؤن میں ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر ایک شہری کو قتل کیا تھا۔ بعد ازاں پولیس نے سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے ملزم کو گرفتار کیا تھا۔ پولیس حکام نے کہا کہ ہلاک ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، نقد رقم، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے، جبکہ فرار ہونے والے ساتھی کی تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 48

اسکول ایجوکیشن کے ذمہ دار افسران کو مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کی تحقیقات کے سلسلے میں 20 اکتوبر کو طلب کرلیا ہے۔ افسران کو 1989 سے 2020 تک اساتذہ، ٹیکنیشنز اور دیگر عملے کی آسامیوں پر ہونے والی تقرریوں کا مکمل ریکارڈ ساتھ لانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ نیب کی جانب سے ارسال کردہ خط کے مطابق تحقیقات سندھ ہائی کورٹ کے لارجر بینچ کی ہدایات اور احکامات کی روشنی میں شروع کی گئی ہیں۔ عدالت نے 30 جون 2026 کو حکم جاری کیا تھا، جبکہ مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کا اجلاس 15 جون 2026 کو ہوا تھا۔ خط میں کہا گیا ہے کہ محکمہ اسکول ایجوکیشن کو 2020 سے متعدد خطوط اور یاد دہانیوں کے ذریعے مطلوبہ ریکارڈ فراہم کرنے کی ہدایت کی جاتی رہی، تاہم مکمل ریکارڈ تاحال نیب کو فراہم نہیں کیا گیا۔ نیب کے مطابق ریکارڈ کی مسلسل عدم فراہمی سے عدالتی احکامات پر عمل درآمد میں تاخیر ہورہی ہے، جبکہ مبینہ غیر قانونی تقرریوں کے ذمہ دار افسران اور اہلکاروں کی نشاندہی کے لیے یہ ریکارڈ ضروری ہے۔ محکمہ اسکول ایجوکیشن کے افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 20 اکتوبر کو نیب کراچی میں مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کے سامنے ذاتی طور پر پیش ہو کر انکوائری میں شامل ہوں اور متعلقہ تقرریوں کی مکمل تفصیلات فراہم کریں۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 49

میں اپنا کردار ادا کریں۔ وفاقی سربراہی یونائیٹڈ نیشنز کے چیف آف فیلڈ آفس ریمز بھوپورڈ وکر رہے تھے۔ سردار عثمان غنی نے کہا کہ نئے اسٹارٹ اپس کو ابتدائی مرحلے میں مالی مشکلات، کاروباری رہنمائی اور مارکیٹ تک رسائی جیسے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ آسان شرائط پر قرضوں اور دیگر مالی سہولیات کی فراہمی سے ان مشکلات کو کم کیا جا سکتا ہے، جس کے نتیجے میں نوجوانوں میں خود روزگاری اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کاروباری افراد کو بھی مساوی مواقع، مناسب مالی معاونت اور کاروباری رہنمائی فراہم کرنا ضروری ہے۔ خواتین کی معاشی سرگرمیوں میں شمولیت بڑھنے سے نہ صرف ان کے خاندانوں کی معاشی حالت بہتر ہوسکتی ہے بلکہ مجموعی قومی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ نوجوانوں کو محض ملازمت کے مواقع تلاش کرنے تک محدود رکھنے کے بجائے انہیں کاروبار شروع کرنے، جدت اپنانے اور روزگار فراہم کرنے کے قابل بنایا جائے۔ اس مقصد کے لیے مالیاتی اداروں، سرکاری اداروں، کاروباری شعبے اور ترقیاتی تنظیموں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا ہوگا۔ سردار عثمان غنی نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا اہم اثاثہ ہیں اور ان کی صلاحیتوں کو درست سمت میں بروئے کار لانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے نوجوانوں کی تربیت، معاشی شمولیت اور کاروباری مواقع کے فروغ کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان تعاون کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیا۔

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 50

ضروری ہے۔ دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تجارتی تعلقات، اقتصادی شراکت داری اور باہمی تعاون سے تجارت کے حجم میں مزید اضافہ کیا جاسکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپلومیٹک فورم ملائیشیا کے تحت منعقدہ تجارتی اجلاس میں کراچی میں اپنے اعزاز میں منعقدہ استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صنعت وتجارت سے وابستہ کاروباری شخصیات اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ اس موقع پر ملائیشیا کے قونصل جنرل نے پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوطرفہ تجارت کے فروغ کے موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے لیے کاروباری برادری کو فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان تعاون کو وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ دونوں ممالک کی کاروباری برادری کو مشترکہ سرمایہ کاری کے مواقع تلاش کرنے چاہئیں تاکہ باہمی تجارت اور اقتصادی ترقی کو فروغ دیا جا سکے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان تعاون کو تجارت، صنعت اور دیگر اقتصادی شعبوں تک وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی اور مشترکہ منصوبوں کے ذریعے دونوں ممالک کے کاروباری تعلقات کو نئی بلندیوں تک پہنچایا جاسکتا ہے۔ 2027 میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کے 70 سال مکمل ہونے کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ یہ ایک اہم سنگ میل ہوگا۔ اس موقع پر پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان اقتصادی تعاون اور کاروباری روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں کی جانی چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ تعاون کے ذریعے نئے کاروباری مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ اس موقع پر ایس ای زیڈ ایم سی (SEZMC) کے چیف ایگزیکٹو مینجنگ آصف فرید شیخ نے پریزنٹیشن پیش کرتے ہوئے بتایا کہ پاکستان میں خصوصی اقتصادی زونز، سرمایہ کاری کے مواقع اور صنعتی ترقی کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خصوصی اقتصادی زونز کے قیام سے سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرنے، صنعتی سرگرمیوں کو فروغ دینے اور مقامی وبین الاقوامی سرمایہ کاری کو راغب کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ تقریب میں شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور کاروباری روابط کو مزید مضبوط بنانے کے لیے مشترکہ کوششیں اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہیں

بقیہ نمبر ﴿قوم کی آواز﴾ 51

کے درجہ حرارت میں 1.6 ڈگری سینٹی گریڈ جبکہ رات کے درجہ حرارت میں 2.4 ڈگری سینٹی گریڈ اضافہ ہوا ہے۔ کراچی پریس کلب میں منعقدہ نشست کا موضوع ''شدید گرمی، موسمیاتی تبدیلی اور کراچی'' تھا، جس کی قیادت کلائمیٹ ایکشن سینٹر کراچی کے ڈائریکٹر یاسر حسین نے کی۔ اس موقع پر کراچی پریس کلب کی ماحولیاتی کمیٹی کی سیکریٹری فہمیدہ یوسفی، صدر فاضل جمیلی اور سیکریٹری اسلم خان بھی موجود تھے۔ نشست کا مقصد صحافیوں کو شدید گرمی سے متعلق خبروں کی درست اور مؤثر رپورٹنگ کے لیے ضروری معلومات فراہم کرنا تھا۔ یاسر حسین نے بتایا کہ گرمی کی شدت کا انحصار صرف درجہ حرارت پر نہیں بلکہ فضا میں نمی کی مقدار پر بھی ہوتا ہے۔ ان کے مطابق 35 ڈگری سینٹی گریڈ درجہ حرارت اور 70 فیصد نمی کی صورت میں گرمی کی محسوس ہونے والی شدت تقریباً 50 ڈگری تک پہنچ سکتی ہے۔ انہوں نے ال نینو کے اثرات، کراچی میں گرمی اور نمی کے موسمی رجحانات، پانی کی قلت، زراعت اور دریائے سندھ کے سکڑتے ہوئے ڈیلٹا کے مسائل کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت موسمیاتی بحران سے دوچار ہے، تاہم صورت حال کی سنگینی کے مطابق نہ تو اس موضوع پر مکالمہ ہو رہا ہے اور نہ ہی مؤثر ردعمل سامنے آیا ہے۔ اسی ضرورت کے پیش نظر صحافیوں کے لیے تربیتی نشست کا اہتمام کیا گیا تاکہ موسمیاتی مسائل کو زیادہ جامع انداز میں اجاگر کیا جاسکے۔ نشست میں کراچی میں گرمی کے خطرات سے متعلق تحقیقی مطالعات بھی پیش کیے گئے، جن میں شہر کے موسمیاتی عملی منصوبے کے تحت تیار کردہ گرمی سے متاثر ہونے کے خطرے کے نقشے اور ڈاکٹر جمیل کاظمی کی عمارتوں کی حرارتی عکس بندی پر مبنی تحقیق شامل تھی۔ شرکاء کو آغا خان یونیورسٹی کے کراچی اور ٹھٹھہ میں گرمی سے بچاؤ کے لیے کیے جانے والے تجربات سے بھی آگاہ کیا گیا۔

بی آئی ایس پی کا نیا ڈیجیٹل ادائیگی نظام، مستحق خواتین کو بااختیار بنانا

ڈاکٹر عصمت نواز کا خاص خطاب، ثناء اللہ رند، عدنان گھمن اور قرۃ العین فاطمہ نے بھی کیا اظہار خیال

کراچی (بزنس رپورٹر) بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) نے مستحق خواتین کو نئے ڈیجیٹل ادائیگی نظام سے منسلک کرنے کے لیے ملک گیر استعدادِ کار میں اضافے اور عوامی آگاہی کی مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا ہے۔ اس جدید نظام کے تحت مستحق خواتین ادائیگی کی تصدیقی ایس ایم ایس موصول ہونے کے بعد ون لنک (Link-1) نیٹ ورک کے ذریعے پاکستان بھر میں شراکت دار بینکوں کے کسی بھی مجاز ریٹیلر سے اپنی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)





پاکستان اور ایشیائی ترقیاتی بینک کے درمیان ترقیاتی شراکت داری

اقتصادی مشیر احد خان چیمہ نے بینکاک میں صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کی

اسلام آباد (بزنس رپورٹر) وفاقی وزیر برائے اقتصادی امور اور ایشیائی ترقیاتی بینک (ADB) میں پاکستان کے گورنر احد خان چیمہ نے جمعرات کو تھائی لینڈ کے شہر بینکاک میں منعقدہ 2026 کے سالانہ اجلاس کے موقع پر ایشیائی ترقیاتی بینک کے صدر ماساتو کانڈا سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاکستان کی ترقیاتی ترجیحات اور ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری پارٹنرشپ اسٹریٹجی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

ووڈورڈ ڈرافی انڈر 17 کرکٹ، زون دو وائٹس اور زون تین بلوز کامیاب

مصطفیٰ علی کی ناقابلِ شکست سنچری، شارق علی کے 85 رنز؛ عبدالاحد کی تباہ کن بولنگ، 6 وکٹیں حاصل

کراچی (این این آئی) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیرِ اہتمام اور میڈی کیم گروپ آف کمپنیز کے تعاون سے جاری آر سی اے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے دوسرے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

لکھنؤ سے کراچی تک محبتوں کا سفر، گمشدہ ناول ''نجم السحر'' کی یادگار واپسی

آرٹس کونسل کراچی میں مرحوم نسیم انہونوی کے ناول کی نئی اشاعت کی تقریب

کراچی (این این آئی) معروف اردو ادیب مرحوم نسیم انہونوی کے ناول ''نجم السحر'' کی نئی اشاعت کی تقریب رونمائی آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی کی جوش ملیح (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)



وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کی شنگھائی کے میئر ژو ژونگ منگ سے ملاقات

شرجیل میمن، محمد بخش مہر، سید قاسم نوید، مرتضیٰ وہاب، جام خان شورو، ادریس گیگی بھی موجود

شنگھائی (بزنس رپورٹر) ملاقات میں سینئر وزیر شرجیل انعام میمن، وزیر آبپاشی اور منصوبہ بندی و ترقی جام خان شورو، وزیر زراعت محمد بخش مہر اور معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید، میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور دیگر حکام ملاقات میں شریک۔ سندھ اور شنگھائی کے درمیان اقتصادی و سرمایہ کاری روابط مزید مضبوط بنانے پر اتفاق۔ کاروباری اداروں کے درمیان براہِ راست روابط اور ادارہ جاتی تعاون بڑھانے پر بھی تبادلہ خیال۔ وزیر اعلیٰ سندھ کی کراچی اور شنگھائی کے درمیان سسٹر سٹی تعلق قائم کرنے کی تجویز۔ کراچی اور شنگھائی بڑے تجارتی اور بندرگاہی شہر ہیں، باہمی تعاون سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ کراچی اور شنگھائی کے درمیان باضابطہ سسٹر سٹی شراکت داری قائم کی جائے گی۔ سسٹر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ کا اینگلیو سوسائٹی منصوبے کا دورہ

کمشنر حسن نقوی، سیکریٹری طحہٰ تھانوی، مشتاق چھاپرا بھی ہمراہ موجود، ضروری خدمات ایک ہی جگہ فراہم کی جائیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ کے چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ نے اینگلیو سوسائٹی منصوبے کا دورہ کیا اور خصوصی افراد کو بااختیار بنانے اور انہیں بحالی سمیت ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران اینگلیو سوسائٹی کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس سائٹ آفس میں منعقد ہوا، جس میں منصوبے پر ہونے والی پیش رفت، جاری ترقیاتی سرگرمیوں اور دیگر امور پر تفصیلی بریفنگ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)



بین الاقوامی معاہدوں کا احترام عالمی استحکام کیلئے ناگزیر، رحیم حیات قریشی

سفیر یورپی یونین کی کی برسلز میں گورننس اجلاس کے دوران سندھ طاس معاہدے پر پاکستان کے مؤقف کی حمایت



کراچی (بزنس رپورٹر) پاکستان نے عالمی برادری پر زور دیا ہے کہ وہ بین الاقوامی قانون اور معاہدوں کی پاسداری جاری رکھے۔ اس موقع پر مسئلہ جموں و کشمیر اور سندھ طاس معاہدے کو عالمی گورننس کے مستقبل سے متعلق یورپی پارلیمنٹ کے ایک اجلاس میں اہم موضوعات کے طور پر اجاگر کیا گیا۔ بینیلیکس، لکسمبرگ اور یورپی یونین میں پاکستان کے سفیر رحیم حیات قریشی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

مزدوروں کا تحفظ حکومت اور صنعت کی مشترکہ ذمہ داری ہے، سعید غنی

صنعتی حادثات سے بچاؤ کے لیے بھرپور اقدامات کریں، آگاہی سیمینار میں وزیر محنت کو خصوصی شیلڈ مل گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیر محنت سندھ سعید غنی نے کہا ہے کہ ایک محنت کش کی جان بھی کسی مشین، بھاری مشینری اور منافع سے کہیں زیادہ قیمتی ہے۔ سندھ کا صنعتی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)



شاہ لطیف ٹاؤن میں شہری کے قتل کا ملزم پولیس مقابلے میں زخمی ہونے کے بعد ہلاک

کراچی (این این آئی) شاہ لطیف ٹاؤن میں پولیس مقابلے کے دوران شہری کے قتل میں ملوث ملزم زخمی حالت میں گرفتار ہونے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)


غیر قانونی بھرتیوں کی تحقیقات، نیب نے محکمہ اسکول ایجوکیشن کے افسران کو طلب کر لیا

کراچی (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) کراچی نے محکمہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

پاکستان میں اسٹارٹ اپس کیلئے آسان فنانسنگ ضروری، سردار عثمان غنی

خواتین کاروباری افراد کو بھی مساوی مواقع، مناسب مالی معاونت فراہم کی جائے، سینئر نائب صدر لاہور چیمبر

لاہور (کامرس رپورٹر) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر سردار عثمان غنی نے کہا ہے کہ پاکستان میں نوجوانوں کو معاشی طور پر بااختیار بنانے کے لیے خواتین کی کاروباری سرگرمیوں میں شمولیت بڑھانے اور اسٹارٹ اپس کی حوصلہ افزائی کے لیے آسان شرائط پر فنانسنگ اشد ضروری ہے، تاکہ وہ اپنے منصوبوں کو عملی شکل دے سکیں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



پاکستان اور ملائیشیا میں تجارتی سرگرمیوں کو بڑھانے کیلئے وسیع امکانات موجود

ڈپلومیٹک فورم کے تحت تجارتی اجلاس، قونصل جنرل عمان، عاطف اقبال، آصف شیخ کی خاص شرکت

کراچی (کامرس رپورٹر) ملائیشیا کے قونصل جنرل ابراہیم نے کہا ہے کہ پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان دوطرفہ تجارت اور سرمایہ کاری کو بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں، جن سے فائدہ اٹھانے کے لیے کاروباری روابط، مشترکہ منصوبوں اور تجارتی تعاون کو فروغ دینا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)



گزشتہ 60 برسوں میں کراچی میں دن کے درجہ حرارت میں 1.6، رات کے 2.4 ڈگری اضافہ ہوا، گرمی کی شدت کا انحصار صرف درجہ حرارت پر نہیں بلکہ فضا میں نمی کی مقدار پر بھی ہوتا ہے، یاسر حسین

کراچی (این این آئی) کراچی پریس کلب کی ماحولیاتی کمیٹی اور کلائمیٹ ایکشن سینٹر کراچی کے اشتراک سے صحافیوں کے لیے شدید گرمی اور موسمیاتی بحران سے متعلق تربیتی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں کراچی میں بڑھتے ہوئے درجہ حرارت، پانی کی قلت، بجلی کی لوڈشیڈنگ اور شہری آبادی کو گرمی سے لاحق خطرات پر تفصیلی روشنی ڈالی گئی۔ نشست میں بتایا گیا کہ گزشتہ 60 برسوں کے دوران کراچی میں دن (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



سندھ حکومت اور ہواوے کے درمیان تاریخی مفاہمتی یادداشت پر دستخط: سید مراد علی شاہ کا سندھ کو پاکستان کا پہلا اے آئی پر مبنی ڈیجیٹل صوبہ بنانے کا دبنگ اعلان

چین اور سندھ کا شراکت داری کے پہلے سال کے لیے چار ٹھوس ترجیحات پر اتفاق، کراچی میں ووہان اسمارٹ سٹی ماڈل کی طرز پر آزمائشی ڈیجیٹل پلیٹ فارم کا قیام عمل میں لایا جائے گا، وزیر اعلیٰ سندھ

صوبائی وزراء شرجیل انعام میمن، جام خان شورو، محمد بخش مہر، سیکریٹری اسد ضامن، نجم شاہ، واصف خان، صنعت کار ادریس گیگی کے ہمراہ سید مراد علی شاہ اور ہواوے کے چیئرمین ایتھن سن کی موجودگی میں

کمپنی کے لیان چیو لیک ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ سینٹر میں حکومت سندھ اور ہواوے کے درمیان ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط، وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید قمر نے کیے

شنگھائی (بزنس رپورٹر) تکنیکی تبدیلی کی جانب ایک بڑی پیش رفت کے طور پر سندھ حکومت نے عالمی ٹیکنالوجی کمپنی ہواوے کے ساتھ ایک اہم مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے ہیں، جس کا مقصد پاکستان کا پہلا مصنوعی ذہانت پر مبنی ڈیجیٹل صوبہ قائم کرنا ہے۔ یہ معاہدہ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کے شنگھائی میں ہواوے کے لیان چیو لیک تحقیق و ترقی مرکز کے اعلیٰ سطح کے دورے کے دوران حتمی شکل دیا گیا۔ اس کے تحت سندھ حکومت کی حکمت عملی میں محض ٹیکنالوجی کی خریداری سے آگے بڑھ کر گہری اور مشترکہ شراکت داری کی جانب تبدیلی آئے گی۔ اس جامع معاہدے میں ای گورننس کی مکمل ڈیجیٹلائزیشن، صوبائی کلاؤڈ اور ڈیٹا سینٹر کے بنیادی ڈھانچے، اسمارٹ سٹی کے حل اور سندھ کے نوجوانوں کے لیے بڑے پیمانے پر انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی تربیت شامل ہے۔ مفاہمتی یادداشت پر وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی برائے سرمایہ کاری سید قاسم نوید قمر نے دستخط کیے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ اور ہواوے پاکستان کے چیئرمین ایتھن سن بھی موجود تھے۔ اس معاہدے کے تحت مصنوعی ذہانت، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، اسمارٹ سٹیز، ڈیجیٹل گورنمنٹ اور مصنوعی ذہانت پر مبنی اسمارٹ پارکس کے شعبوں میں وسیع تعاون کا فریم ورک طے کیا گیا ہے۔ دستخط کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے اس شراکت داری سے تبدیلی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ ٹیکنالوجی خریدنے کے بجائے مشترکہ منصوبوں، مقامی صلاحیتوں اور اپنے نوجوانوں کی مہارتوں کے ذریعے مل کر ٹیکنالوجی تیار کرنے کی جانب ایک اہم تبدیلی ہے۔ ہواوے کی تحقیق کے شعبے میں نمایاں صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے وزیر اعلیٰ سندھ نے کہا کہ یہ کمپنی اپنی آمدنی کا پانچواں حصہ سے بھی زیادہ مسلسل تحقیق و ترقی پر خرچ کرتی ہے، جس کی بدولت اس نے دنیا کی نمایاں ٹیکنالوجی کمپنیوں میں اپنا مقام بنایا ہے۔ ہواوے نے 1987 میں شینزن میں ایک نجی کمپنی کے طور پر کام کا آغاز کیا، جس کی مکمل ملکیت اس کے ملازمین کے پاس ہے۔ کمپنی نے 2025 میں 880.9 ارب چینی یوآن کی آمدنی اور 68 ارب چینی یوآن کا خالص منافع ظاہر کیا۔ مستقبل کی ٹیکنالوجی کے لیے اپنی بھرپور وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کمپنی نے صرف 2025 میں تحقیق و ترقی پر 192.3 ارب چینی یوآن خرچ کیے، جو اس کی آمدنی کا 21.8 فیصد بنتا ہے۔ گزشتہ ایک دہائی کے دوران کمپنی تحقیق پر مجموعی طور پر 1.38 ٹریلین چینی یوآن سے زیادہ خرچ کر چکی ہے۔ پاکستان میں ہواوے کی قیادت چیف ایگزیکٹو آفیسر ایتھن سن کر رہے ہیں اور کمپنی ملک میں انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی کی صلاحیتوں کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے۔ اس سلسلے میں خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل کے ساتھ ایک بڑا اقدام بھی شامل ہے، جس کے تحت تین لاکھ پاکستانی نوجوانوں کو تربیت دی جائے گی۔ اس کے علاوہ ستمبر 2026 میں اسلام آباد میں پاکستان کے پہلے قومی سطح کے ٹیلی کام آلات کی مرمت کے مرکز کا افتتاح بھی کیا گیا۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ہواوے کا اس سے قبل ووہان میں اس کے عالمی ماڈل سائٹ کے دورے کا انتظام کرنے پر بھی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اس دورے نے صوبائی قیادت پر گہرا تاثر چھوڑا تھا۔ معاہدے پر دستخط کی تقریب لیان چیو لیک تحقیق و ترقی مرکز میں منعقد ہوئی، جس کا باضابطہ افتتاح 2024 میں شنگھائی کے مغربی علاقے چنگ پو ڈسٹرکٹ کے جن زی ٹاؤن میں کیا گیا تھا۔ تقریباً 2,400 مو (تقریباً 160 ہیکٹر) رقبے پر پھیلے اس کیمپس میں عمارتوں کا مجموعی رقبہ 20 لاکھ 60 ہزار مربع میٹر ہے۔ اس منصوبے پر 10 ارب چینی یوآن سے زیادہ، یعنی تقریباً 1.4 ارب امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی ہے۔ اس مرکز کو 30 ہزار سے 35 ہزار محققین اور انجینئرز کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس کے آٹھ زونز کو اندرونی لائٹ ریل نظام سے منسلک کیا گیا ہے، جسے 'ریڈ ٹرین' کہا جاتا ہے۔ یہ مرکز سیمی کنڈکٹر ڈیزائن، فائیو جی اور سکس جی وائرلیس ٹیکنالوجی، ذہین آٹو موٹیو حل اور ڈیجیٹل توانائی کے شعبوں میں نئی پیش رفت پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔ ووہان کی مثال دیتے ہوئے، جہاں جدید ٹیکنالوجی شہری انتظامیہ کو شہری مسائل کی فوری نشاندہی اور بحرانوں کے سنگین ہونے سے پہلے ان کی روک تھام میں مدد دیتی ہے، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے زور دیا کہ دو کروڑ سے زائد آبادی والے شہر کراچی کو بھی ایسی ہی صلاحیتوں کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت پرعزم ہے کہ سندھ کو پاکستان کا نمایاں ڈیجیٹل صوبہ بنایا جائے جہاں شہر کراچی سمیت دیگر شہروں میں اسمارٹ اور ڈیٹا پر مبنی حکمرانی ہو اور نوجوان افرادی قوت ڈیجیٹل معیشت کے لیے مکمل طور پر تیار ہو۔ اس وژن کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لیے وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے شراکت داری کے پہلے سال کے لیے چار ٹھوس ترجیحات پیش کیں۔ پہلی ترجیح میں کراچی میں شہری انتظام اور سیلاب کی پیشگی اطلاع دینے کے لیے ایک آزمائشی ڈیجیٹل پلیٹ فارم قائم کرنا، جس میں ووہان کے اسمارٹ سٹی ماڈل سے حاصل ہونے والے تجربات کو بروئے کار لایا جائے گا۔